1	1	قمر بازہرہ	قران	02.22
2	1	شمس باقمر	قران	08.43
3	1	شمس باقمر	تثلیث	18.24
4	2	قمر بامریخ	قران	02.19
5	3	قمر بامشتری	تربیع	18.10
6	3	قمر بازحل	تثلیث	19.34
7	5	قمر بازحل	تربیع	20.17
8	6	قمر باعطارد	تربیع	13.07

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
9	7	شمس بامشتری	تثلیث	13.02
10	7	قمر بازہرہ	تربیع	19.32
11	7	شمس باقمر	تربیع	23.02
12	8	قمر بامریخ	تربیع	14.47
13	8	قمر باعطارد	تثلیث	20.29
14	9	زہرہ بامشتری	تثلیث	01.59
15	10	قمر بامشتری	قران	06.02
16	10	قمر بازہرہ	تثلیث	07.50
17	10	شمس باقمر	تثلیث	10.10
18	11	قمر بامریخ	تثلیث	01.12
19	12	قمر بازحل	تثلیث	15.24
20	14	قمر باعطارد	مقابلہ	02.04
21	14	قمر بامریخ	قران	11.39
22	15	شمس باقمر	مقابلہ	18.00
23	15	قمر بازہرہ	مقابلہ	18.48
24	16	قمر بامریخ	مقابلہ	06.33
25	17	قمر بامشتری	تربیع	14.48
26	20	قمر بازحل	تربیع	03.27
27	20	قمر بامریخ	تربیع	03.29
28	21	شمس باقمر	تثلیث	05.32
29	21	قمر بازہرہ	تثلیث	09.38
30	21	قمر بامریخ	تثلیث	14.04
31	21	عطارد بامشتری	تثلیث	15.36
32	22	قمر بازحل	تثلیث	14.29
33	22	قمر باعطارد	تربیع	17.12
34	23	شمس باقمر	تربیع	20.27
35	24	قمر بامریخ	تربیع	02.50
36	24	زہرہ بامریخ	قران	22.36
37	24	قمر بامشتری	مقابلہ	23.24
38	27	قمر بازحل	مقابلہ	03.16
39	29	قمر بامشتری	تثلیث	05.38
40	30	قمر باعطارد	قران	07.53
41	30	شمس باقمر	قران	16.08
42	30	قمر بامریخ	قران	17.46
43	30	قمر بازہرہ	قران	23.44
44	31	قمر بازحل	تثلیث	03.45
45	31	قمر بامشتری	تربیع	05.10

ستمبر ۲۰۱۹ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	2	زہرہ بازحل	تثلیث	00.20
2	2	قمر بازحل	تربیع	03.11
3	2	شمس بامریخ	قران	16.14
4	2	زہرہ بامشتری	تربیع	21.57
5	3	قمر بامریخ	قران	22.43
6	4	شمس باعطارد	قران	07.11
7	5	عطارد بازحل	تثلیث	18.08
8	6	عطارد بامشتری	تربیع	12.42
9	6	قمر بامشتری	قران	12.51
10	6	قمر باعطارد	تربیع	12.52
11	6	قمر بازہرہ	تربیع	21.34
12	7	شمس بازحل	تثلیث	03.27
13	8	قمر بامریخ	تثلیث	18.24
14	8	شمس بامشتری	قران	20.58
15	8	شمس باقمر	تثلیث	22.42
16	9	قمر باعطارد	تثلیث	08.34
17	9	مریخ بازحل	تثلیث	09.45
18	9	قمر بازہرہ	تثلیث	14.01
19	12	مریخ بامشتری	تربیع	14.37
20	13	عطارد بازہرہ	قران	20.42
21	14	قمر بامشتری	تربیع	00.06
22	14	قمر بامریخ	مقابلہ	01.43
23	14	شمس باقمر	مقابلہ	10.04
24	15	قمر بازہرہ	مقابلہ	05.05
25	15	قمر باعطارد	مقابلہ	06.39
26	16	قمر بازحل	تربیع	08.01
27	16	قمر بامشتری	تثلیث	13.00
28	18	قمر بازحل	تثلیث	19.23
29	19	قمر بامریخ	تثلیث	07.51
30	19	شمس باقمر	تثلیث	19.28
31	20	قمر بازحل	تثلیث	16.22
32	20	قمر باعطارد	تثلیث	22.55
33	21	قمر باعطارد	مقابلہ	10.25
34	21	قمر بامریخ	تربیع	19.26
35	22	عطارد باقمر	تربیع	08.12
36	22	قمر باعطارد	تربیع	12.54
37	25	قمر بامشتری	تثلیث	19.52
38	26	زہرہ بازحل	تربیع	00.51
39	27	قمر بازحل	تثلیث	14.21
40	27	قمر بامشتری	تربیع	20.16
41	28	قمر بامریخ	قران	09.29
42	28	شمس باقمر	قران	23.58
43	29	قمر بازحل	تربیع	13.39
44	30	قمر باعطارد	قران	07.37

اکتوبر ۲۰۱۹ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	4	قمر بامشتری	قران	02.11
2	4	قمر بامریخ	تربیع	23.57
3	5	شمس باقمر	تربیع	22.18
4	6	قمر بازحل	قران	02.11
5	7	قمر بازہرہ	تربیع	04.57
6	7	قمر بامریخ	تثلیث	13.14
7	7	قمر باعطارد	تربیع	21.07
8	8	شمس بازحل	تربیع	00.38
9	9	شمس باقمر	تثلیث	14.41
10	10	قمر بازہرہ	تثلیث	00.18
11	10	قمر باعطارد	تثلیث	17.20
12	11	قمر بامشتری	تربیع	13.33
13	12	قمر بامریخ	مقابلہ	21.14
14	13	قمر بازحل	تربیع	15.07
15	14	قمر بامشتری	تثلیث	02.26
16	14	شمس باقمر	مقابلہ	02.39
17	15	قمر بازہرہ	مقابلہ	14.04
18	16	قمر بازحل	تثلیث	02.16
19	16	قمر باعطارد	مقابلہ	06.04
20	18	قمر بامریخ	تثلیث	00.42
21	18	قمر بامشتری	مقابلہ	23.29
22	18	شمس باقمر	تثلیث	07.45
23	19	قمر بامریخ	تربیع	11.06

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
24	20	قمر بازہرہ	تثلیث	18.58
25	20	قمر بازحل	مقابلہ	19.00
26	21	قمر باعطارد	تثلیث	07.37
27	21	شمس باقمر	تربیع	18.10
28	23	قمر بازہرہ	تربیع	04.25
29	23	قمر بامشتری	تثلیث	11.12
30	23	قمر باعطارد	تربیع	14.45
31	25	قمر بازحل	تثلیث	01.36
32	25	قمر بامشتری	تربیع	13.08
33	27	قمر بامریخ	قران	01.19
34	27	قمر بازحل	تربیع	02.03
35	27	مریخ بازحل	تربیع	20.02
36	28	شمس باقمر	قران	09.10
37	29	قمر بازہرہ	قران	20.45
38	29	قمر باعطارد	قران	23.06
39	31	عطارد بازہرہ	قران	03.36
40	31	قمر بامشتری	قران	20.01

نومبر ۲۰۱۹ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	2	قمر بازحل	قران	13.00
2	2	قمر بامریخ	تربیع	19.42
3	4	شمس باقمر	تربیع	15.54
4	5	قمر بامریخ	تثلیث	09.59
5	5	قمر باعطارد	تربیع	20.08
6	6	قمر بازہرہ	تربیع	16.12
7	7	شمس باقمر	تثلیث	09.56
8	8	قمر باعطارد	تثلیث	04.23
9	8	قمر بامشتری	تربیع	06.44
10	9	قمر بازہرہ	تثلیث	11.46
11	10	قمر بازحل	تربیع	01.26
12	10	قمر بامریخ	مقابلہ	17.29
13	10	قمر بامشتری	تثلیث	19.32
14	11	شمس باعطارد	قران	20.53
15	12	قمر بازحل	تثلیث	12.15
16	12	قمر باعطارد	مقابلہ	15.22
17	12	شمس باقمر	مقابلہ	19.06
18	14	قمر بازہرہ	مقابلہ	19.47
19	15	قمر بامشتری	مقابلہ	14.55
20	15	قمر بامریخ	تثلیث	17.11
21	16	قمر باعطارد	تثلیث	21.39
22	17	شمس باقمر	تثلیث	18.24
23	18	قمر بامریخ	تربیع	01.46
24	19	قمر باعطارد	تربیع	00.24
25	19	قمر بازہرہ	تثلیث	17.36
26	20	قمر باعطارد	تثلیث	02.38
27	20	شمس باقمر	تربیع	08.19
28	21	قمر بازحل	تثلیث	12.14
29	22	قمر بازحل	تربیع	01.10
30	22	قمر بامشتری	تربیع	05.56
31	23	قمر بازحل	تربیع	14.24
32	24	قمر بامریخ	قران	17.07
33	24	زہرہ بامشتری	قران	19.05
34	25	قمر باعطارد	قران	09.21
35	26	شمس باقمر	قران	20.37
26	28	قمر بامشتری	قران	16.21
37	29	قمر بازہرہ	قران	00.14
38	30	قمر بازحل	قران	02.48

دسمبر ۲۰۱۹ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	2	قمر بامریخ	تربیع	17.14
2	2	قمر باعطارد	تربیع	17.58
3	4	قمر بامریخ	تثلیث	08.22
4	4	شمس باقمر	تربیع	12.29
5	5	قمر باعطارد	تثلیث	13.46
6	6	قمر بامشتری	تربیع	02.40
7	7	قمر بازہرہ	تربیع	04.28
8	7	شمس باقمر	تثلیث	06.36
9	7	قمر بازحل	تربیع	14.37
10	8	قمر بامشتری	تثلیث	15.29
11	9	قمر بامریخ	مقابلہ	14.41
12	9	قمر بازہرہ	تثلیث	21.38
13	10	قمر بازحل	تثلیث	01.25
14	11	قمر باعطارد	مقابلہ	02.14
15	11	زہرہ بازحل	قران	15.36
16	12	شمس باقمر	مقابلہ	10.43
17	13	قمر بامشتری	مقابلہ	09.04
18	14	قمر بامریخ	تثلیث	09.56
19	14	قمر بازحل	مقابلہ	15.03
20	14	قمر بازہرہ	مقابلہ	21.28
21	16	قمر باعطارد	تثلیث	01.49
22	16	قمر بامشتری	تربیع	10.18
23	17	شمس باقمر	تثلیث	03.41
24	17	قمر بامشتری	تثلیث	18.28
25	18	قمر باعطارد	تربیع	11.01
26	18	قمر بازحل	تثلیث	22.27
27	19	شمس باقمر	تربیع	10.28
28	19	قمر بازہرہ	تثلیث	13.38
29	19	قمر بامشتری	تربیع	22.05
30	21	قمر بازحل	تربیع	03.04
31	21	قمر بازہرہ	تربیع	21.23
32	23	قمر بامریخ	قران	08.58
33	25	قمر باعطارد	قران	16.49
34	26	شمس باقمر	قران	10.44
35	26	قمر بامشتری	قران	13.00
36	27	قمر بازحل	قران	17.39
37	27	قمر بامشتری	قران	23.56
38	29	قمر بازہرہ	قران	07.38
39	30	قمر بامریخ	تربیع	15.55

طبی چٹکلے

پھٹکری سفید کسی برتن میں رکھ کر آگ پر رکھ دیں۔ جب شگفتہ ہونا شروع ہو تو سرکہ انگوری ڈالتے رہیں۔ یہاں تک کہ پھٹکری سے دوگنا سرکہ جذب ہو جائے۔ اس پھٹکری کو باریک پیس کر منجن کی طرح رات کو دانتوں پر ملا کریں امراض دنداں کے لیے اکسیری چیز ہے۔ دانتوں کے تمام نقصانوں کا بہترین علاج ہے۔ دوا ملنے کے بعد پانی نہ پئیں اور جو رطوبت منہ سے نکلے اسے خارج کرتے رہیں۔

طالع لگن اور لکی اسٹون

از: محمد اقبال عثمان میمن

جدید دور میں ہمارے یہاں اردو میں یا ہر زبان میں ''زائچہ'' دست یاب ہیں۔ اب بٹن دبایا اور تیار ہوا۔ ہمارے مرحوم دوست حیدرآباد (دکن) کے جناب ظفر انصاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک کتاب جدید طرز پر مرتب کی تھی؛ جس سے عام و خاص سبھی حضرات فائدہ حاصل کرسکیں۔

ہم نے یہاں پر قارئین کی خدمت میں بہت مختصر انداز میں زائچہ سے (نگینہ) پتھر کو کس طرح اپنے لیے ایجاد (تجویز) کرنا بہت آسان کرکے بیان کیا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ ''زائچہ'' نکالنے کے بعد ہی آسانی ہوگی؛ برائے مہربانی آپ اپنے ''زائچہ'' کو تیار کروالیں۔ آپ کہیں گے کہ بازار مین تو ہندی حساب میں کنڈلی (زائچہ) دستیاب ہے۔ ہمارا اسلامی طریقہ کہاں ہے؟ تو آپ کنڈلی والے کو کہیں گے کہ ہمیں (SION) سائن کنڈلی نکال کردیں؛ یہ سائن کیا ہے؟ ہمارے یہاں ہندی نجومی اس زمین کی گردش کو شامل کرتے ہیں جن کو این گتی یعنی زمین کی رفتار کو کہتے ہیں۔ ہمارے یہاں اس گنتی کو نہیں لیا جاتا اور سیدھا حساب لیتے ہے یعنی کہ صرف ستاروں کی گردش کو لیتے ہے۔ خیر! یہ انکا اپنا حساب ہے؛ مگر پہلے سائن کنڈلی نکال کر ہی روزانہ کی ائن گتی کو جوڑ کروہ نرئن کنڈلی بناتے ہیں۔ ہمیں یہاں پر اسکی ضرورت نہیں ہے۔ صرف سائن کونڈلی کا حساب آپ بنوالیں اور آپ اپنا کام کریں۔ سائن لگن (کنڈلی) ہی اہل یونان کا طریقہ ہے؛ جو اسلامی گنا جاتا ہے۔ اس زائچہ میں جو طالع لگن ہوتا ہے۔ یہاں نشان لگایا ہے کہ آپ کی کنڈلی میں کس گھر کا منسوب ہے؟ (جدول نمبر 1) وہ آپ دیکھ کر کہ کونسا گھر کو کس نگینہ کی درکار ہے اور جو موافق آسکتا ہے وہ پہنا جائیگا۔ مثال: ایک شخص کا طالع لگن حمل ہے۔ اب آپ جدول نمبر۔2 میں دیکھ رہے ہیں کہ (A) میں (Activate The House-H-4) لکھا ہے یعنی ہ چوتھا گھر کو کا فائدہ کریگا۔ آپ دیکھے کہ House-4 کس کام کا ہے جس سے ہمارا مقصد پورا ہو۔ گھروں کے منسوب میں دیکھتے تو معلوم ہوا کہ یہ گھر زمین، مال وغیرہ کا ہے، تو آپ اسکے لیے نگینہ (PEARL) پہنیں گے تو مناسب ہوگا۔ بس یہی اسکا طریقہ ہے۔

(گھروں کے منسوبات کی جدول اور Activates The Houses اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائے)۔۔۔

(1) طالع لگن حمل

12	طالع 1	2	3
11			4
10			5
9	8	7	6

B.White Diamond
Activates the house H-2 & H-7

ARIES
Proposed Lucky Stone
منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

A.Pearl
Activates the house - H-4

	12	طالع 1	2	3
زحل	11	نحوست		4 قمر
	1			5 شمس
	9	8	7	6

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
9-12	1-8	2-7	3-6

گھروں کے منسوبا تمندرجہ بالا تمام امور جوزائچہ کے گھروں سے متعلق ہیں۔اس طرح بیان کیا جاتا ہے۔

نمبر	گھر	منسوبات
1	پہلا گھر	ذاتی حالات ظاہریت سے وابستہ ہوتا ہے۔چہرہ اور گردن سے اس کا تعلق ہے۔
2	دوسرا گھر	مالی امور قابل معاملات۔کامرس سے متعلق ہے۔جائداد اور مالی وسعت کا اس سے اندازہ ہوتا ہے۔
3	تیسرا گھر	چھوٹے سفر،خطوط،ذرائع آمدورفت،نزدیکی،رشتہدار اور ہمسائے ذہانت۔
4	چوتھا گھر	زمینی جائیداد،گھریلو تعالقات،سوشل مصروفیات سے متعلق ہے۔جسم میں یہ گردن اور دل کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔
5	پانچواں گھر	اولاد،قوت شہوانی،گھریلو تعلقات،سوشل مصروفیات سے متعلوق ہے۔جسم میں یہ گردن اور دل کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔
6	چھٹا گھر	صحت،ملازمین،ذاتی آرام،آسائش،گھریلو امور کے متعلق،کپڑے خوراک اور دوسری جسمانی آسائش کی اشیاء عام صحت اور حفظان صحت کے متعلق ہے۔ظاہرا دشمن سے متعلق ہے۔اعضائے جسمانی میں یہ کمرہ اور طوتڑ سے متعلق۔
7	ساتواں گھر	شادی،معاہدات ٹھیکہ جات،شریک کار،خاوند یا بیوی،تبادلہ کے معاملات سے متعلق ہے اور اعضائے جسمانی میں یہ کمرہ اور چوتڑ سے متعالق ہے۔
8	آٹھواں گھر	موت،نقصان،ترکہ،وصیتوں سے متعلق ہے۔جسمانی اعضاء میں یہ فعل انہضام اور فضلہ سے متعلق ہے۔
9	نواں گھر	طویل سفر،نشرواشاعت،مزہب،اعتقاد،غیرملکی جائیداد،زمین اور قانون کے متعلق معاملات سے ہے۔جسم انسانی میں اس کا تعلق ران سے ہے۔
10	دسواں گھر	پوزیشن،عزت ووقار،شہرت اپنے کام میں،باپ اور اعلیٰ حکام سے متعلق ہے۔جسم انسانی میں یہ زانوں سے متعلق ہے۔
11	گیارہواں گھر	دوست،سوشل تعلقات،سوسائٹی اور کمپنی ان لوگوں کے ساتھ جن سے کام متعلق ہے۔جسم انسانی میں یہ زانوں سے متعلق ران سے ہے۔
12	بارہواں گھر	نقصانات،تنہائی،قید،چھپ کر حملہ کرنا،خفیہ دشمن،مزاحمت کرنا،حد بندی کرنا اور وہ تمام امور جو ذاتی آزادی کے خلاف ہوں۔اس گھر سے متعلق ہیں۔جسم انسانی میں یہ ٹخنے اور پاؤں سے متعلق ہے۔

انگریزی سے ستاروں کا اردو نام

نمبر	انگریزی نام	اردو نام	نمبر	انگریزی نام	اردو نام	نمبر	انگریزی نام	اردو نام
1	Coral	مونگا،مرجان	5	Ruby	مانک،یاقوت	9	Zircon	گومید،زرقوہ
2	Diamond	ہیرا،الماس	6	Topaz	پکھراج،یاقوت	10	Cats Eye	لہسونیا،ویدراج
3	Emerald	پنا،زہرہ	7	YellowSapphire	نیلم			
4	Pearl	موتی،لیل	8	BlueSapphire	کبود			

(1) طالع لگن حمل

ARIES

12	طالع 1	2	3
11 (زحل)	نحوست		قمر 4
1			شمس 5
9	8	7	6

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

12	طالع 1	2	3
11			4
10			5
9	8	7	6

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
9-12	1-8	2-7	3-6

A.Pearl Activates the house - H-4

B.White Diamond Activates the house H-2 & H-7

(2) طالع لگن ثور

TAURUS

11	12	طالع 1	2
10	نحوست		قمر 3
9 (زحل)			شمس 4
8	7	6	5

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

11	12	طالع 1	2
10			3
9			4
8	7	6	5

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
8-11	7-12	1-6	2-5

A.EMERLD Activates the house H-2 & H-5

B.PEARL Activates the house H-3

(3) طالع لگن جوزا

GEMINI

10	11	12	طالع 1
9	نحوست		قمر 2
8 (زحل)			شمس 3
7	6	5	4

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

10	11	12	طالع 1
9			2
8			3
7	6	5	4

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
7-10	6-11	5-12	1-4

A.EMERLD Activates the house H-1 & H-4

B.PEARL Activates the house H-2

(4) CENCER — طالع لگن سرطان

9	10	11	12
8			1 قمر
7	نحوست		2 شمس
6	5	4	3

زحل

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
6-9	5-10	4-11	3-12

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

9	10	11	12
8			1 طالع
7			2
6	5	4	3

A.PEARL Activates the house H-1

B.RUBY Activates the house H-2

C.CORAL Activates the house H-5 &H-10

(5) LEO — طالع لگن اسد

8	9	10	11
7			12 قمر
6	نحوست		1 شمس
5	4	3	2

زحل

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
5-8	4-9	3-10	2-11

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

8	9	10	11
7			12
6			1 طالع
5	4	3	2

A.EMERALD Activates the house H-2&H-11

B.WHITE DIAMOND&PEARL Activates the house H-3&H-10

(6) VIRGO — طالع لگن سنبلہ

7	8	9	10
6			11 قمر
5	نحوست		12 شمس
4	3	2	1

زحل

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
4-7	3-8	2-9	1-10

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

7	8	9	10
6			11
5			12
4	3	2	1 طالع

A.Emerald Activates tre house H-1-H10

B.Pearl Activates the house H-11

C.White Diomand Activates the house H-2-&H-9

(7) طالع لگن میزان — LIBRA

	6	7	8	9
	5			10 قمر
زحل	4	نحوست		11 شمس
	3	2	1	12

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
3-6	2-7	1-8	9-12

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

6	7	8	9
5			10
4			11
3	2	1	12

A.Blue Sapphire(Neelam) Activates the house H-4&H-5

B.PEARL Activates the house H-10

(8) طالع لگن عقرب — SCORPIO

	5	6	7	8
زحل	4	نحوست		9 قمر
	3			10 شمس
	2	1	12	11

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
2-5	1-8	7-12	8-11

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

5	6	7	8
4			9
3			10
2	1	12	11

A.Yellow Sapphire (Topaz) Activates the house H-2&H-5

A.Blue Sapphire (Neelam) Activates the house H-3&H-4

(9) طالع لگن قوس — SAGITTARIUS

	4	5	6	7
زحل	3			8 قمر
	2	نحوست		9 شمس
	1	12	11	10

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
1-4	5-12	6-11	7-10

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

4	5	6	7
3			8
2			9
1	12	11	10

A.Yellow Sapphire (Topaz) Activates the house H-1&H-4

A.Blue Sapphire (Neelam) Activates the house H-2&H-3

(10) طالع لگن جدی CAPRICON

زحل

3	4	5	6
2			7 قمر
1	نحوست		8 شمس
12	11	10	9

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
3-12	4-11	5-10	6-9

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

3	4	5	6
2			7
1			8
12	11	10	9

A.Blue Sapphire(Neelam) Activates the house H-1&H-2
B.White Diamond Activates the house-H-5H-10 – C.PEARL Activates the house H-7

(11) طالع لگن دلو AQUARIUS

زحل

2	3	4	5
1			6 قمر
12	نحوست		7 شمس
11	10	9	8

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
2-11	3-10	4-9	5-8

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

2	3	4	5
1			6
12			7
11	10	9	8

A.Yellow Sapphire(Topaz) Activates the house H-2&H-11
B.Coral: Activates the house-H-3 H-10 C.Ruby Activates the house H-7

(12) طالع لگن حوت PASCE

زحل

1	2	3	4
12			5 قمر
11	نحوست		6 شمس
10	9	8	7

مشتری	مریخ	زہرہ	مریخ
1-10	2-9	3-8	4-7

Proposed Lucky Stone

منتخب لکی اسٹون جو طالع کے گھروں سے نسبت رکھتا ہے

1	2	3	4
12			5
11			6
10	9	8	7

A.Yellow Sapphire(Topaz) Activates the house H-1&H-10
B.PEARL Activates the house-H-5

عمل جفر جامع: برائے شفاء

جفر جامع کا صفحہ اس طرح ہے۔ ش اف ا: ش اف ب: ش اف ج: ش اف د: ش اف ھ: ش اف و: ش اف ز: ش اف ح: ش اف ط:

ش اف ی: ش اف ک: ش اف ل: ش اف م: ش اف ن: ش اف س: ش اف ع: ش اف ف: ش اف ص: ش اف ق: ش اف ر:

ش اف ش: ش اف ت: ش اف ث: ش اف خ: ش اف ذ: ش اف ض: ش اف ظ: ش اف غ:

(۱) سبھی حرفوں کو تخلیص کیا: ش اف ب ج د ھ وز ح ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر ت ث خ ذ ض ظ غ۔

(۲) ایک مرتبہ صدر موئخر کیا: غ ش ظ ا۔ ض ف ذ ب خ ج ث د ت ھ ر و ق ز ص ح ع ط س ی ن ک م ل

ش اا ت	ش اا ث	ش اا خ	ش اا ذ	ش اا ض	ش اا ظ	ش اا غ
ش اب ت	ش اب ث	ش اب خ	ش اب ذ	ش اب ض	ش اب ظ	ش اب غ
ش اج ت	ش اج ث	ش اج خ	ش اج ذ	ش اج ض	ش اج ظ	ش اج غ
ش اد ت	ش اد ث	ش اد خ	ش اد ذ	ش اج ض	ش اج ظ	ش اض غ
ش اہ ت	ش اہ ث	ش اہ خ	ش اہ ذ	ش اہ ض	ش اہ ظ	ش اہ غ
ش او ت	ش او ث	ش او خ	ش او ذ	ش او ض	ش او ظ	ش او غ
ش از ت	ش از ث	ش از خ	ش از ذ	ش از ض	ش از ظ	ش از غ
ش اح ت	ش اح ث	ش اح خ	ش از ذ	ش از ض	ش از ظ	ش از غ
ش اط ت	ش اط ث	ش اط خ	ش اط ذ	ش اط ض	ش اط ظ	ش از غ
ش ای ت	ش ای ث	ش ای خ	ش ای ذ	ش اط ض	ش اط ظ	ش اط غ
ش اک ت	ش اک ث	ش اک خ	ش اک ذ	ش اک ض	ش اک ظ	ش اک غ
ش ال ت	ش ال ث	ش ال خ	ش ال ذ	ش ال ض	ش ال ظ	ش ال غ
ش ام ت	ش ام ث	ش ام خ	ش ام ذ	ش ام ض	ش ام ظ	ش ام غ
ش ان ت	ش ان ث	ش ان خ	ش ان ذ	ش ان ض	ش ان ظ	ش ان غ
ش اس ت	ش اس ث	ش اس خ	ش اس ذ	ش اس ض	ش اس ظ	ش اس غ
ش اع ت	ش اع ث	ش اع خ	ش اع ذ	ش اع ض	ش اع ظ	ش اع غ
ش اف ت	ش اف ث	ش اف خ	ش اف ذ	ش اف ض	ش اف ظ	ش اف غ
ش اص ت	ش اص ث	ش اص خ	ش اص ذ	ش اص ض	ش اص ظ	ش اص غ
ش اق ت	ش اق ث	ش اق خ	ش اق ذ	ش اق ض	ش اق ظ	ش اق غ
ش ار ت	ش ار ث	ش ار خ	ش ار ذ	ش ار ض	ش ار ظ	ش ار غ
ش اش ت	ش اش ث	ش اش خ	ش اش ذ	ش اش ض	ش اش ظ	ش اش غ
ش ات ت	ش ات ث	ش ات خ	ش ات ذ	ش ات ض	ش ات ظ	ش ات غ
ش اث ت	ش اث ث	ش اث خ	ش اث ذ	ش اث ض	ش اث ظ	ش اث غ
ش اخ ت	ش اخ ث	ش اخ خ	ش اخ ذ	ش اخ ض	ش اخ ظ	ش اخ غ
ش اذ ت	ش اذ ث	ش اذ خ	ش اذ ذ	ش ا ض	ش اخ ظ	ش اخ غ
ش اض ت	ش اض ث	ش اض خ	ش اض ذ	ش اض ض	ش اض ظ	ش اض غ
ش اظ ت	ش اظ ث	ش اظ خ	ش اظ ذ	ش اظ ض	ش اظ ظ	ش اظ غ
ش اغ ت	ش اغ ث	ش اغ خ	ش اغ ذ	ش اغ ض	ش اغ ظ	ش اغ غ

طالب: عبدالہادی دلبری (ابجد قمری سے عدد ۳۷۳)

(۱) غ ش ظ ا: 2201+373=2574-41=2533 حروف برآمد: ج ل ن ر

(۲) ض ف ذ ب: 1582+373=1955-41=1914 حروف برآمد: د ص

(۳) خ ج ث د: 1107+373=1480-41=1439 حروف برآمد: ط ل ق

(۴) ت ھ ر و: 611+373=984-41=943 حروف برآمد: م ظ

(۵) ق ز ص ح: 205+373=578-41=537 حروف برآمد: ز ل ث

(۶) ع ط س ی: 149+373=522-41=481 حروف برآمد: ا ف م

(۷) ن ک م ل: 140+373=513-41=472 حروف برآمد: ع م

اب موکل یہ برآمد ہوئے:

(۱) یاجلنرائیل (۲) یادصائیل (۳) طلقائیل (۴) یامظائیل (۵) یازلثائل (۶) یاافمائیل (۷) عمائیل۔ یہ ۷ سات اسما کو چینی کے مرتبان میں زعفران ومشک سے لکھ کر مریض کو ۴۰ دن پلانے سے اللہ کے حکم سے شفا ہو جاتی ہے۔ (نوٹ): اس نایاب وخاص عمل کو اس فن کے جویا بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ فھم من فھم

از: محمد اقبال عثمان میمن

نمکیات سے علاج

ازقلم: مجید احمد ناروی (رحمۃ اللہ علیہ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نمکدان

خداوند کریم نے نمک کو بڑی خوبیاں اور بہت فضیلت ودیعت فرمائی ہے، نمک ہی دستر خوانوں کی زینت ہے۔صانع مطلق نے نمک کو وہ لذت عطا فرمائی ہے۔جو اور کسی چیز میں نہیں۔چنانچہ نمکین کھانوں میں اگر نمک نہ ڈالا جائے تو خواہ اس میں کتنے اقسام کے اماز پر اور روغنیات شامل کیے جائیں اس سے کوئی لذت نہیں حاصل ہو سکتی۔

یہی نہیں بلکہ اس حکیم علی الاطلاق اور شافی مطلق نے نمک میں سینکڑوں طبی فوائد مضمر کر دیتے ہیں اور اس کو ایسے افعال وخواص کا حامل بنایا ہے، جس پر صحت انسانی کا دارومدار ہے۔خود انسان کے جسم اور خون میں نمک کی کافی مقدار موجود ہے۔اگر اس کی مقدار ضرورت سے کم ہو جائے تو صحت انسانی قائم نہیں رہ سکتی۔

نمک کے اس فائدہ سے تو کم از کم ہر شخص واقف ہے کہ یہ ہاضم طعام ہے؛ لیکن فنی اعتبار سے اس کہ ہر طریقۂ علاج میں استعمال کرایا جاتا ہے اور بائیو کیمک کو ایسا طریقۂ علاج ہے، جس میں صرف بارہ اقسام کے نمکیات ہی سے تمام امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔اب ایلو پیتھک پر نظر ڈالیے تو انجکشنوں کی زیادہ تعداد میں مختلف اقسام کے نمکیات ہی کی کارفرمائی ہے نہ بکثرت استعمال ہونے والا نارمل سیلائن انجکشن کیا ہے؟ محض نمک طعام (نمک سانبھر) اور پانی ہے جس کہ خوبصورت بوتلوں میں بھر کر دلفریب لیبل لگا کر فروخت کیا جاتا ہے علاوہ ازیں ایلو پیتھک خوردنی مرکبات میں بھی مختلف اقسام کے نمکیات مختلف صورتوں میں مستعمل ہیں۔چنانچہ جسم میں پانی کی کمی (ڈیہائیڈریشن) کو دور کرنے والا مشہور مرکب الکٹرال کیا ہے؟ محض مختلف اقسام کے نمکیات کا مجموعہ ہے۔

فن طب اور آیورویدک کا تو کہنا ہی کیا۔یہ تو مدت دراز سے ہر قسم کے نمکیات کے سینکڑوں مرکبات استعمال کراتے ہی آئے ہیں۔مشکل سے ایسے ہاضم چورن اور ہاضم مرکبات ملیں گے جن میں نمک کی شمولیت نہ ہو؟

الغرض سینکڑوں قسم کے نمکیات ہر طریقۂ علاج میں بکثرت مستعمل ہیں۔اس میں شک نہیں کہ اگر محض نمک کے موضوع پر خامہ فرمائی کی جائے تو ایک نہایت ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے؛ لیکن اس وقت میرا موضوع سخن زیادہ تر وہ نمکیات ہیں، جن کو مختلف قسم کی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے اور مختلف نمکیات کے وہ مخصوص مرکبات ہیں جو عدیم النظیر ہیں اور ازالۂ امراض کے سلسلے میں نوے فیصدی کامیاب ہیں۔

دور حاضرہ کا انسان حد سے زیادہ سہولت پسند، نفاست پسند اور رجعت پسند ہے۔وہ چاہتا ہے کہ دوا تیار شدہ مل جائے، اس کی مقدار خوراک بہت ہی قلیل ہو۔اس میں کسی قسم کی ناگوار بو نہ ہو اور اس کا ذائقہ خراب ہو اور وہ فوری طور پر مرض کا ازالہ بھی کردے۔چنانچہ یہ سب خوبیاں جڑی بوٹیوں کے نمکیات میں بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ان کی ترکیب استعمال نہایت ہی آسان مقدار خوراک بہت ہی کم اور پھر لطف یہ کہ بہت ہی زیادہ زود اثر ہیں اور ان کی بو اور ذائقہ ناگوار نہیں۔

میں بارہا عرض کر چکا ہوں کہ میں نے اپنی زندگی اس کار خیر یعنی فنی خدمات کے لیے وقف کر دی ہے اور میں نے اس کے لیے تن من دھن کی بازی لگادی ہے اور عہد کر لیا ہے کہ اس سنگاخ مرحلہ کے طے کرنے میں مجھے خواہ کتنی ہی مشکلات اور دشواریوں کا مقابلہ کرنا پڑے سب کو برداشت کروں گا؛ لیکن اپنے قدم ہمت کو پیچھے نہ موڑوں گا اور ان شاء اللہ تا زیست فنی خدمات کو انجام دیتا رہوں گا۔

اس کتابچہ کی خصوصیات

(۱) اس کتابچہ کے پہلے باب میں جڑی بوٹیوں کے نمکیات کو تیار کرنے کی مکمل ترکیب اور اس سلسلے میں تمام رموز ونکات کو نہایت شرح وبسط سے بیان کیا گیا ہے۔

(۲) دوسرے باب میں جڑی بوٹیوں کے ان نمکیات کو پیش کیا گیا ہے جو فی الحقیقت قابل قدر اور قابل انتخاب میں اور بڑی حد تک تجربہ کی کسوٹی پر پورے اتریں۔

(۳) تیسرے باب میں مختلف اقسام کے نمکیات کے ان مخصوص اور لاثانی مرکبات کو پیش کیا گیا ہے، جو سینکڑوں بار کے مجرب المجرب ہیں اور اطبائے کرام کے سینہ کے راز ہیں۔

آخر میں میں آپ حضرات سے التماس کروں گا کہ اس کتابچہ سے استفادہ حاصل کرنے کے بعد مجھے دعائے خیر سے ضرور یاد فرمائیے گا۔

نمک سازی

نمک سازی یعنی نمک بنانے یا کسی چیز کے کھار نکالنے کو عربی زبان میں اقلاء کہتے ہیں۔ یہ صنعت فن طب میں قدیم زمانہ سے رائج ہے۔

ذیل میں جڑی بوٹیوں سے نمک تیار کرنے کی ایک عام اور آسان ترکیب تحریر کی جاتی ہے۔ اس طریقے سے تمام جڑی بوٹیوں کے نمک حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

جس بوٹی کا نمک بنانا ہو پہلے اس کا مسلم پودا یعنی اس کا پھل پھول جڑ، شاخیں اور پتے سب کچھ لے لیں اور اس کو خشک کرلیں جب وہ بالکل خشک ہوجائے تو اس کو جلا کر بالکل راکھ بنالیں؛ لیکن خیال رہے کہ راکھ ایسی جگہ بنائیں جو بالکل صاف ستھری اور پختہ ہوتا کہ راکھ میں گرد وغبار شامل نہ ہوسکے۔

جب راکھ تیار ہوکر بالکل ٹھنڈی ہوجائے تو اس کو ایک صاف برتن مثلاً لوہے کے کڑاہ وغیرہ) میں ڈال کر اس پر زیادہ مقدار میں پانی ڈالیں اور اس کو پانی میں خوب گھول دیں پانی اتنا ڈالا جائے کہ راکھ بالکل سیال ہوجائے۔ چوبیس گھنٹے تک اس سیال کو پڑا رہنے دیں۔ اس دوران میں دو چار بار اس سیال کو کسی گھنٹے تک اس سیال کو پڑا رہنے دیں۔ اس دوران میں دو چار بار اس سیال کو کسی لکڑی وغیرہ سے ہلادیں۔ چوبیس گھنٹے کے بعد جب راکھ بالکل تہ نشین ہوجائے اور صاف پانی اوپر آجائے تو اس صاف پانی کو نتھار لیں اور صاف کپڑے سے چھان لیں پھر اس نتھارے ہوئے پانی کو ایک صاف کڑاہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور اتنا جوش دیں کہ تمام پانی جل جائے۔ پانی بالکل جل جانے کے بعد جو چیز کڑاہ میں جم جائے گی وہی بوٹی کا نمک اب اس کو بحفاظت شیشی میں رکھ لیں۔

لیکن بعض ایسے نمکیات ہیں جن کو مخصوص ترا کبی سے تیار کیا جاتا ہے ایسی مخصوص ترکیبوں کو آگ جلا کر مخصوص نمکیات کے تحت بیان کیا گیا ہے۔

اب اس جگہ میں ان رموز ونکات اور ضروری ہدایات کو قلم بند کروں گا جن کو نمک سازی کے متعلق مدنظر رکھنا اشد ضروری ہے۔

(۱) بوٹیوں کی راکھ کو لوہے کے صاف چمکدار کڑاہ یا تانبہ کے قلعی دار برتن یا تام چینی کے برتن میں گھولا جائے۔ اس مقصد کے لیے مٹی کے لک دار برتن بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

(۲) جڑی بوٹیوں کی راکھ کو بالکل سفید ہونا چاہیے۔ راکھ جتنی زیادہ سفید ہوگی اتنا ہی زیادہ نمک حاصل ہوگا۔ اور اس کا رنگ اتنا ہی زیادہ صاف ہوگا راکھ میں جو کوئلے رہ جائیں تو ان کو پھر جلا کر راکھ کرلیا جائے۔ بہرحال گھولنے والی راکھ میں کوئلہ قطعی نہ ہونا چاہیے ورنہ نمک میلے رنگ کا اور کم تیار ہوگا۔

(۳) راکھ کو چھ یا آٹھ گنا پانی میں گھولا جائے۔ اس کام کے لیے اگر گرم پانی استعمال کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

(۴) راکھ کو پانی میں گھولنے کے بعد اس کو چوبیس گھنٹے کے اندر چار پانچ مرتبہ لکڑی یا چمچے وغیرہ سے خوب ہلادیا جائے۔

(۵) چوبیس گھنٹے کے بعد جب پانی نتھارا جائے اور کپڑے میں چھانا جائے تو اس بات کا بہت زیادہ خیال رکھا جائے کہ اس

میں راکھ کا ایک ذرہ بھی نہ شامل ہونے پائے۔

(۶) ایک دفعہ پانی نتھار لینے کے بعد نیچے جمی ہوئی راکھ میں چوگنا گرم پانی ڈال کر اس کو پھر گھول لیا جائے اور دس بارہ گھنٹے پڑا رہنے کے بعد اس کو پھر نتھار کر چھان لیا جائے۔ اب اس پانی کو بھی پہلی بار چھانے ہوئے پانی میں ملا لیا جائے تب نمک تیار کیا جائے۔

(۷) راکھ کے نتھرے ہوئے پانی کو نرم آنچ پر پکایا جائے۔ تیز آنچ پر پانی جلانے سے نمک کا رنگ خراب ہو جاتا ہے۔

(۸) جب پانی جلانے سے گاڑھا ہو جائے تو اس کو کسی قلعی دار کھنچہ سے چلاتے رہیں تا کہ نمک نیچے لگ کر خراب نہ ہو جائے۔ جب پانی خشک ہو جائے اور قدرے نمی باقی رہ جائے تو برتن کو آگ سے فوراً اتار لیں اور کھنچہ برابر چلاتے رہیں کیونکہ اتنی نمی برتن کی گرمی ہی سے موقوف ہو جاتی ہے اور نمک خشک ہو جاتا ہے۔ اگر ضرورت باقی رہے تو دھوپ رکھ کر اور خشک کر لیں۔

(۹) نمک کو تیار کرنے کے بعد اس کو بالکل خشک شیشی میں مضبوط کارک لگا کر رکھا جائے۔ کیونکہ ہوا اور نمی کے اثر سے نمک گیلا ہو کر خراب ہو جاتا ہے۔

(۱۰) نمکیات کو تیار کرنے کے لیے سب سے بہترین گرمی کا موسم ہے۔ نمکیات کو بارش کے موسم میں ہرگز نہ تیار کیا جائے۔

(۱۱) بعض قیمتی اشیاء اور بیجوں وغیرہ کا نمک اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ پہلے اس چیز کو جلا کر راکھ کر لیا جاتا ہے، پھر اس راکھ کو مٹی کے برتن میں بھر کر گل حکمت کر کے اوپلوں کی آگ میں پھونک کر زیادہ راکھ کیا جاتا ہے تا کہ سفید عمدہ قسم کی راکھ تیار ہو جائے۔ اس کے بعد اس راکھ سے حسب معمول نمک تیار کیا۔

جڑی بوٹیوں کے نمکیات اور ان کے خواص

(۱) اجوائن دیسی

نمک سازی: اجوائن کو جلا کر راکھ کریں پھر اس راکھ کو مٹی کے برتن میں بھر کر گل حکمت کر کے اوپلوں کی آگ میں پھونکیں پھر ٹھنڈی ہونے پر اس راکھ سے حسب دستور نمک تیار کریں۔

افعال و خواص: یہ نمک نہایت کاسر ریاح۔ ہاضم طعام۔ مقوی معدہ اور بدہضمی کا دافع ہے اور اپنے اثرات کے لحاظ سے بے نظیر ہے اور کسی طرح اجوائن کے جدید اختراعی جوہر تھائمول سے کم نہیں۔ اس کا استعمال نفخ شکم اور معدہ کے تشنجی درد کے لیے نہایت مفید ہے۔ اس نمک کو سرسوں کے تیل میں ملا کر نیم گرم مالش کرنے سے عصبی اور ریاحی درد موقوف ہو جاتا ہے۔ ڈکاروں اور ہچکی کی کثرت، پیٹ کی ریاحی شکایات (گیسٹرک ٹربل) اور بھول کی کمی وغیرہ اس کے استعمال سے۔ دور ہو جاتی ہے۔ (نوٹ): غالباً اس کا استعمال تھائمول کی طرح پیٹ کے کینچوؤں کے لیے بھی مفید ہوگا۔

ترکیب استعمال: یہ نمک ایک سے چار رتی تک نیم گرم پانی، یا عرق بادیان، یا عرق گلاب کے ساتھ استعمال کرائیں۔ یا انہیں عرقیات یا صاف پانی میں نمک کو گھول کر مکسچر بنا کر مریضوں کو دیں فی خوراک دو تولہ عرق یا پانی کافی ہے۔

۲۔ اجوائن خراسانی

نمک سازی: اجوائن دیسی کے طریقہ پر اس کا بھی نمک تیار کریں۔

افعال و خواص: یہ نمک نہایت مسکن، موم (خواب آور م)، دافع نزلہ اور دافع اوجاع (درد) ہے اعصابی اور ریاحی دونوں قسم کے درد اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ مختلف امراض میں اس کو مندرجہ ذیل طریقہ پر استعمال کرایا جاتا ہے۔

ترکیب استعمال: (۱) درد شقیقہ کے لیے دو رتی یہ نمک آفتاب نکلنے سے پیشتر تازہ پانی کے ہمراہ پلائیں یا مکسچر بنا کر دیں۔

(۲) پیشاب کی جلن، درد گردہ اور وہ مثانہ کے لیے دو رتی تازہ پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

(۳) کھانسی کے لیے دو رتی یہ نمک لعوق سپستاں ایک تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو چٹائیں۔

(۴) اگر کھانسی میں گاڑھا جما ہوا بلغم نکل رہا ہو تو دو رتی شربت زوفا مرکب ایک تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو دیں۔

(۵) قولنج کے لیے تین رتی نیم گرم عرق گلاب کے ساتھ استعمال کرائیں۔

۳۔اذخرمکی

نمک سازی: جلا کر بطریق معروف نمک حاصل کریں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) بلغمی اور ریاحی متلی اور قے کے لیے یہ نمک اکسیراعظم ہے۔ایک رتی پانی یا نیم گرم عرق گلاب کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
(۲) ورم معدہ بلغمی کے لیے ایک رتی سے دورتی تک عرق بادیاں اور عرق مکو کے ساتھ صبح اور شام کو کھلائیں۔
(۳) جگر کی اصلاح اور اس کے سدوں کو دفع کرنے کے لیے مذکورہ بالا طریقہ پر دیں۔
نوٹ: مذکورہ بالا جملہ امراض میں اس کو شربت بزوری معتدل کے ہمراہ بھی استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

۴۔ارنڈ (ریند)

نمک سازی: مسلم درخت کو مع بیجوں کے جلا کر راکھ بنا کر نمک تیار کریں۔
افعال وخواص ترکیب استعمال: (۱) لقوہ، فالج اور رعشہ کے لیے بقدر دورتی ماءالعسل (شہد کا پانی) کے ہمراہ صبح اور شام کو کھلائیں۔
۲۔افزائش شیر زنان (عورتوں کے دودھ کو بڑھانا) کے لیے واقعی ایک قابل صد ستائش دوا ہے۔ بہت جلد اثرات ظہور پذیر ہوتے ہیں۔بھوک کے ستائے ہوئے شیر خواروں کی خوراک مہیا کرنے کا زبردست سہارا ہے۔اس مقصد کے لیے دایہ کو بقدر دورتی گائے کے دودھ کے ہمراہ صبح کو کھلائیں۔ایک ہفتہ استعمال کرنے سے کافی دودھ پیدا ہو جاتا ہے۔
۳۔نمک ارنڈ، کشتہ بارہ سنگھا ہر ایک ایک رتی کو شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر چٹانے سے پسلیوں کا درد بہت جلد دفع ہو جاتا ہے۔
۴۔معلل اورام (ورم کو تحلیل کرنے والی دوا) دواؤں میں ملا کر نیم گرم لیپ کرنے سے یا صرف یہی نمک پانی میں گھول کر نیم گرم لگا کر رینڈ کا پتا گرم کر کے باندھنے سے ورم بہت جلد تحلیل ہو جاتا ہے۔

۵۔گھٹیا اور درد قولنج کے لیے دورتی نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

۵۔اسطوخودوس

نمک سازی: حسب دستور نمک تیار کریں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ ومقوی اعصاب ہے، جو اس اور ذہن کا تصفیہ کرتا ہے۔فتور عقل کا دافع ہے۔دماغ کے خاکستری مادہ کو بالخاصہ قوت پہنچاتا ہے۔نسیان (بھول) کو دفع کرتا ہے۔ایک رتی تنہا یا کسی مناسب بدرقہ کے ہمراہ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔
(۲) رعشہ، اختلاج عضوی اور لقوہ فالج کے لیے صبح اور شام کو ایک سے دورتی تک ماءالعسل کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
(۳) اگر سبل بائیں اور ضعف بھر کی شکایت نزلہ حار م (گرم) کے باعث ہو تو ایک رتی یہ نمک اطریفل بادیانی ایک تولہ کے ہمراہ علی الصباح استعمال کرائیں۔
(۴) اگر ضعف بھر اور نسیان کی شکایت نزلہ بارد کے سبب سے ہو تو ایک رتی یہ نمک اطریفل کبیر ایک تولہ میں ملا کر صبح کو کھلائیں۔
(۵) ضعف دماغ اور کند ذہنی کے لیے ایک رتی یہ نمک خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا چھ ماشہ میں ملا کر صبح کو استعمال کرائیں۔
نوٹ: یہ نمک ارزانی کے زمانہ میں صرف ایک بار تیار کیا گیا اب تو اسطوخوردنی کی شدید گرانی کے باعث اس کا تیار کرنا ناممکن ہے۔

۶۔اسگند

نمک سازی: جلا کر راکھ بنا کر حسب دستور نمک تیار کریں۔
افعال وخواص: یہ نمک گٹھیا، ضعف باہ، ضعف رحم، لقوہ وفالج ورعشہ بوجہ ضعف اعصاب درد کمر کہنہ، سنگ، گردہ، مثانہ، ضعف گردہ، عقر (بانجھ پن) اور جسم کی لاغری کے لیے نہایت ہے۔
ترکیب استعمال: (۱) گٹھیا اور درد کمر کہنہ کے لیے دورتی نمک معجون سورنجان چھ ماشہ میں ملا کر کھلائیں۔
(۲) فالج لقوہ اور رعشہ کے لیے یہ نمک دورتی ماءالعسل (شہد) کے ہمراہ دیں۔

(۳) سنگ گردہ مثانہ کے لیے یہ نمک ایک رتی قلمی شورہ تین رتی حسب ضرورت پانی میں مکسچر بنا کر پلائیں۔

(۴) ایام حیض کے ایک ہفتہ قبل سے یہ نمک دو رتی گائے کے دودھ کے ہمراہ صبح نہار منہ استعمال کرانا شروع کریں اور دوران حیض تک برابر اس کو استعمال کراتے رہیں۔ حیض سے فارغ ہونے کے بعد مقاربت کریں۔ ان شاء اللہ ضرور استقرار حمل ہوگا۔

(۵) اس نمک کو بقدر ایک دو رتی ایک انڈے کے حلوہ میں ملا کر روزانہ صبح کو کھلائیں اوپر سے شہد ملا کر گائے کا دودھ استعمال کرائیں بے حد مقوی باہ مسمن بدن، اور مقوی رحم ہے۔

۷۔اسبند (اسپند۔حرمل)

نمک سازی: مسلم درخت کو مع بیجوں کے جلا کر راکھ بنا کر نمک حاصل کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک ایک رتی دواء نمک معتدل جواہر والی چھ ماشہ ملا کر صبح کھلانے سے خون میں ہیموگلوبین کا اضافہ ہو کر جسم کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے اور جسم میں خون کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ لو بلڈ پریشر کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

(۲) جوارش کمونی نو ماشہ میں ایک رتی یہ نمک ملا کر کھانے سے غلیظ ریاحیں تحلیل ہو جاتی ہیں۔

(۳) عرق النساء، گٹھیا اور فالج کے لیے یہ نمک ایک سے دو رتی تک ماء العسل کے ہمراہ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

(۴) ایک رتی یہ نمک حبوب کبیر ایک تولہ میں ملا کر صبح کو گائے کے دودھ کے ہمراہ جس میں (شہد خالص دو تولہ کو گھول لیا گیا ہو) کھلائیں۔

۸۔افسنتین

نمک سازی: افسنتین کو جلا کر حسب معمول نمک تیار یں۔

افعال وخواص: افسنتین کا نمک جگر اور معدہ کے ورم کو دور کرتا ہے اور اس کو طاقت دیتا ہے جگر کے سدوں کو دور کرتا ہے۔ حیض کو جاری کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کا قاتل ہے۔ استسقاء کے لیے مفید ہے۔ ٹائی فائیڈ کے سوا ہر ایک بخار کے لیے نافع ہے۔ یرقان کے لیے اکسیر ہے، بھوک بڑھاتا ہے۔

ترکیب استعمال: (۱) آب مکو سبز مروق (مکو کی پتیوں کا پھاڑا ہوا پانی) پانچ تولہ کے ساتھ دو رتی نمک صبح کو کھلائیں ورم، جگر، ورم معدہ، استسقاء اور جگر کی خرابی کے لیے اکسیر ہے۔

(۲) آب ترب سبز مروق (مولی کے پتوں کا پھاڑا ہوا پانی) پانچ تولہ کے ہمراہ دو رتی نمک صبح اور شام کو کھلائیں یرقان کے لیے تیر بہدف ہے۔

(۳) حیض کی کمی کے لیے حیض شروع ہونے کے ایک ہفتہ قبل سے یہ نمک بقدر دو رتی صبح کو نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۴) یہ نمک بقدر دو رتی معجون وبید الورد چھ ماشہ میں ملا کر کھلائیں اوپر سے شربت دینار دو تولہ نیم گرم پانی یا عرق بادیان عرق مکو میں گھول کر کھلائیں، استسقاء لحمی، زقی اور سوء القنیہ نیز جگر کے سخت ورم کو تحلیل کرنے کے لیے اکسیر ہے۔

۹۔املتاس

نمک سازی: املتاس کی پھلیوں کو جلا کر حسب معمول نمک تیار کریں۔

افعال وخواص: ملین، مدر بول، دافع درد مفاصل اور دافع قولنج وباؤ گولا ہے۔

ترکیب استعمال: دو رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۱) دو رتی یہ نمک شیرۂ گلقند آفتابی دو تولہ میں ملا کر کھلائیں، رفع قبض کے لیے بہترین چیز ہے۔

(۲) اگر معدہ کی خشکی کے سبب سے قبض رہتا ہو تو یہ نمک دو رتی گائے کے نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(۳) تسہیل ولادت کے لیے چار رتی شربت بزوری معتدل دو تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

(۴) حیض کی کمی کے لیے وقت مقررہ سے ایک ہفتہ پیشتر اس نمک کو بقدر دو رتی شربت بزوری معتدل دو تولہ کے ہمراہ کھلانا شروع کریں اور حیض کی ابتداء تک کھلاتے رہیں۔

(۵) چار رتی یہ نمک آدھ پاؤ پانی میں جوش دے کر غرغرہ کرنے اور گھونٹ گھونٹ پلانے سے حلق کا ورم دور ہو جاتا ہے۔

(۶) دو رتی نمک شربت کا سنج دو تولہ کے ہمراہ کھلانے سے پیشاب خوب آتا ہے۔

(۷) قولنج ریحی اور سدی کے لیے تین رتی یہ نمک شربت کشوث کلاں کے ہمراہ کھلائیں۔

۱۰۔املِ بیل (افتیمون)

نمک سازی: بطریق معروف نمک تیار کریں۔

افعال وخواص: مالیخولیا، مراق، وسوس، درد سر کہنہ، ریح البواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال: (۱) ریح البواسیر کے لیے دو رتی عرق بادیاں یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(۲) مالیخولیا، مراق اور وسواس کے لیے دو رتی معجون نجاح چھ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔

(۳) درد سر کہنہ کے لیے دو رتی شیرۂ گلقند آفتابی دو تولہ میں ملا کر دیں۔

۱۱۔اندرائن (حنظل)

نمک سازی: مسلم درخت کو مع پھلوں کے جلا کر دستور کے مطابق نمک بنائیں۔

افعال وخواص ترکیب استعمال: (۱) وجع المفاصل (گھٹیا) اور عرق النساء کے لیے دو رتی معجون سورنجان چھ ماشہ میں ملا کر روزانہ استعمال کرائیں۔

پھوڑے، پھنسیوں اور خرابی خون کے لیے دو رتی یہ نمک عرق شاہترہ کے ہمراہ میلا کر کھلائیں۔

(۳) پیٹ کی غلیظ ریاحوں اور درد شکم کو دور کرنے کے لیے دو رتی نیم گرم پانی سے دیں۔

۱۲۔اونٹ کٹارہ

نمک سازی: مسلم درخت کو جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص ترکیب استعمال: (۱) سنگ مرارہ (پتا کی پتھری) کے لیے یہ دوا اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ اس مقصد کے لیے دو رتی یہ نمک آب مولی تازہ پانچ تولہ کے ہمراہ دن میں روزانہ تین چار مرتبہ بقدر برداشت استعمال کرائیں لیکن؛ آب مولی میں شکر سرخ دو تولہ ضرور شامل کی جائے پہلے روزانہ دو بار اس دوا کو استعمال کرائیں پھر تین اور چار بار تک روزانہ دیں۔

(۲) پیشاب کی بندش کے لیے دو رتی تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۳) یرقان کے لیے دو رتی مولی کے پتوں کے پھاڑوں ہوئے پانی کے ہمراہ صبح کو استعمال کرائیں۔

۱۳۔بانسہ (اڑوسہ)

نمک سازی: بانسہ کے مسلم درخت کو مع پھول اور پتوں کے خشک کر کے جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخوص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک دو رتی شربت زوفا مرکب دو تولہ یا شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں، بلغمی کھانسی، دمہ اور کالی کھانسی کے لیے، بہت ہی مفید ہے۔

(۲) اگر اس کو بقدر دو رتی لعوق سپستاں ایک تولہ میں ملا کر استعمال کرایا جائے تو نزلادی کھانسی اور دق کھانسی کو فائدہ ہوتا ہے۔

(۳) خواہ کسی قسم کی شدید کھانسی ہو ایک رتی اس کو منہ میں رکھ کر چوس لینے سے آرام مل جاتا ہے۔

۱۴۔بتھوا

نمک سازی: مسلم بتھوا کو جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: ورم جگر، ورم معدہ اور سدہ جگر کے لیے بقدر دو رتی صبح اور شام کو تازہ پانی یا شربت بزوری معتدل کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۱۵۔ برہمی

نمک سازی: مسلم درخت سے نمک تیار کریں۔

افعال وخواص ترکیب استعمال: (۱) دماغ کی کمزوری، بھول وضعف حافظہ، دردسر کہن، مراق اور مالیخولیا کے لیے ایک لاجواب تحفہ ہے۔ ایک رتی سے دو رتی تک ایک پسے ہوئے آملہ کے مربا میں ملا کر صبح کو کھلائیں۔

(۲) اگر آواز بیٹھ جائے تو ایک رتی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

(۳) دوران سر کی شکایت کے لیے ایک رتی یہ نمک سفوف دانہ الائچی کلاں ڈیڑھ ماشہ شکر سفید ڈیڑھ ماشہ میں ملا کر صبح کو کھلائیں۔

۱۶۔ بسکھبرا (ایسٹ)

نمک سازی: مکمل درخت کو جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) وقت اور کمی حیض کے لیے یہ نمک بقدر دو رتی حیض شروع ہونے کے ایک ہفتہ پہلے سے تا ابتدائے حیض شربت بزوری معتدل یا تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۲) تسہیل ولادت کے لیے تین رتی شربت بزوری معتدل دو تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

(۳) پتھری کو خارج کرنے کے لیے تین رتی شربت کا سنج دو تولہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

(۴) ورم گردہ کے لیے دو رتی تازہ پانی سے کھلائیں۔

۱۷۔ بکائن

نمک سازی: حسب دستور نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) دو رتی نمک تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں ریح البواسیر کے لیے ازحد مفید ہے۔

(۲) خون کی صفائی کے لیے دو رتی صبح کو روزانہ تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

۱۸۔ بن گوبھی

نمک سازی: بن گوبھی کو جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: گردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرنے کے لیے ایک ماشہ یہ نمک روزانہ چنے کی بھوسی کے خیساندہ کے ہمراہ صبح کو استعمال کرائیں۔

۱۹۔ بھنگ

نمک سازی: بھنگ کو جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص: یہ نمک دفاع درد شکم، درد شقیقہ اور درد گردہ ہے اور دمہ کے لیے مفید ہے، بعض امراض دماغیہ کا دافع ہے۔ یہ نمک زیادہ تر مرکبات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

۲۰۔ بھنگرہ

نمک سازی: بھنگرہ کے سالم پودوں سے نمک حاصل کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: یہ اکسیر صفت نمک ہر قسم کے دھاتوں (مثلاً پارہ چاندی تانبہ وغیرہ) کے کچے کشتہ جات کھاتے ہوئے مریضوں کے لیے تریاق کامل ثابت ہو چکا ہے۔

یہ نمک ان کی تمام تکالیف کا ازالہ کرتا ہے اور اس مقصد کے لیے بال انجکشن سے کہیں زیادہ مفید اور بے ضرر ہے چار رتی نہار منہ روزانہ ایک ہفتہ تک استعمال کرائیں۔

درد شکم مزمن اور باؤ گولہ کے لیے بھی عجیب چیز ہے تین رتی روزانہ نہار منہ عرق بادیان نیم گرم یا گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں

۲۱۔ بیگن

نمک سازی: بیگن کے مسلم درخت کو مع پھلوں کے جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک چار رتی تازہ پانی سے کھلائیں، دھتورہ کے زہر کا تریاق ہے۔ اگر آرام نہ ہو تو تین گھنٹے کے بعد دوسری خوراک دیں۔

(۲) جسم کے مسوں کو دور کرنے کے لیے سرکہ میں حل کر کے لگائیں۔

۲۲۔ پان (کلیجن)

نمک سازی: خشک پان تین حصہ، پان کی جڑ (کلیجن) ایک حصہ سب کو ملا کر راکھ بنا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک دورتی صبح اور شام کو منہ میں رکھ کر آہستہ آہستہ چوسنے سے آواز صاف ہوجاتی ہے اور گلے کی بندش دور ہوجاتی ہے۔ عرصہ تک استعمال کرنے سے آواز سُریلی ہوجاتی ہے اور اس میں ایک خاص قسم کی کشش پیدا ہوجاتی ہے۔ گانے والوں کے لیے خاص تحفہ ہے۔

(۲) دورتی کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد کھلانے سے کھانا ہضم ہوجاتا ہے۔ بلغم دور ہوجاتا ہے۔ مقوی معدہ ہے۔

(۳) تین رتی یہ نمک ایک مرغی کے انڈے کی زردی اور شہد میں حل کر کے روزانہ کھلانے سے قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے اور تحریک پہنچتی ہے۔

(۴) دورتی منہ میں رکھ کر چوسنے سے ٹرکھانسی کا ازالہ ہوتا ہے۔

۲۳۔ پاپڑہ

نمک سازی: اس کو جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) چاررتی صبح کو تازہ پانی سے کھلائیں، نہایت مصفی خون ہے۔

(۲) دورتی صبح اور شام کو مولی کے پھاڑے ہوئے پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں یرقان کے لیے اکسیر ہے۔

(۳) استسقاء، ضعف جگر، سوزاک مزمن اور کنٹھ مالا کے لیے چار رتی صبح کو عرق بادیاں عرق کو مکو یا نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

۲۴۔ پپیتا

نمک سازی: پپیتا کے بڑے بڑے کچے پھلوں کو مع چھلکے کے تراش کر کے خشک کرلیں اور اس کو جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص: ورم جگر، ورم طحال، درد شکم اور نفخ شکم کو دور کرتا ہے۔ ہاضم طعام اور کاسر ریاح ہے۔ بھوک لگاتا ہے اور پیٹ کے قرار کو دور کرتا ہے اور قبض کشا ہے۔

ترکیب استعمال: چاررتی تازہ پانی سے کھلائیں، ورم جگر اور ورم طحال کے لیے صبح کو نہار منہ مکو کی پتیوں کے پھاڑے ہوئے پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۲۵ پرسیاوشاں

نمک سازی: جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص: ہر قسم کے درد کو ساکن کرتا ہے، نزلہ کو دور کرتا ہے۔ امساک پیدا کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے، ہچکی کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ بہترین مسکن ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ یا تنہا استعمال کرائیں۔

۲۶۔ پوست کوکنار

نمک سازی: جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص: ہر قسم کے درد کو ساکن کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ ہچکی کی شکایت دور کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ یا تنہا استعمال کرائیں۔

۲۷۔ پودینہ

نمک سازی: جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک اعلیٰ درجہ کا کاسر ریاح۔ ہاضم اور مشتہی (بھوک لگانے والا) ہے۔ پیٹ کے ریاحی درد اور ریاحی خفیف کو دور کرتا ہے۔ اس مقصد کے لیے دو تین رتی نیم گرم عرق گلاب سے کھلائیں۔

(۲) متلی اور قے کو روکنے کے لیے دورتی سکنجبین لیمونی کے ہمراہ دیں۔

(۳) تشنجی ہچکی کے لیے دورتی تازہ پانی سے کھلائیں۔

۲۸۔ ترپھلا

نمک سازی: پوست ہلیلہ زرد، آملہ مصفیٰ، پوست بلیلہ ہموزن لے کر جلائیں پھر مٹی کی ہانڈی میں بھر کر گل حکمت کر کے اوپلوں میں

پھونک دیں اور اس راکھ سے نمک تیار کریں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک ایک مایۂ ناز اکسیر ہے۔ دماغ کو طاقت پہنچانا اور حافظ کو قوی کرنا اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے۔ ایک رتی یہ نمک مکھن کے ساتھ دیں۔
(۲) آنتوں کی دق کے لیے اس کا استعمال بہت زیادہ نافع ہے۔ آنتوں کی دق میں دق کی دواؤں کے ساتھ اس کو بطور معاون علاج استعمال کرانے سے آنتوں کی جملہ تکالیف دور ہو جاتی ہیں ایک رتی صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔
اس کے استعمال سے نزلہ، زکام، ضعف دماغ، ضعف بصر، ضعف اعصاب ریشہ شریفہ دور ہو جاتے ہیں اور بطور حفظ ماتقدم اس کے استعمال سے کوئی مرض قریب نہیں آتا۔

۲۹۔تمباکو

نمک سازی: پوربی تمباکو خوردنی عمدہ قسم کے خشک پتوں کو جلا کر نمک حاصل کریں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک ایک رتی شربت زوفا مرکب کے ہمراہ استعمال کرائیں، بلغمی کھانسی اور دمہ کے لیے نہایت مفید ہے۔
(۲) نفخ اور پیٹ کے قراقر کے لیے ایک رتی عرق بادیان نیم گرم کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
(۳) خصیوں کو بڑھ جانے اور حیض کو جاری کرنے کے لیے دو رتی صبح اور شام کو شربت بزوری معتدل کے ہمراہ کھلائیں۔

۳۰۔تلسی

نمک سازی: تلسی کے مسلم درخت کو جلا کر نمک بنائیں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) بلغمی بخار اور کھانسی کے لیے دو رتی شہد میں ملا کر چٹائیں۔
(۲) ابتدائی موتیابند کے لیے دو رتی صبح کو پانی کے ہمراہ کھلائیں۔
(۳) بواسیر بادی، ریح البواسیر اور مالیخولیائے مراقی کے لیے دو رتی کھانے کے لیے آدھ گھنٹہ بعد کھلائیں۔

(۴) عورتوں کے دودھ کی کمی کے لیے دو رتی صبح کو تازہ پانی سے کھلائیں۔

۳۱۔تل

نمک سازی: تل کے مسلم درخت کو مع پھلوں میں بیج نہ پڑے ہوں جلا کر حسب معمول نمک تیار کریں۔
افعال وخواص: پیشاب کی خرابیوں کو (مثلاً تسلسل البول، تقطیر البول، پیشاب میں فاسفیٹ آنا وغیرہ) اس کا استعمال دور کرتا ہے۔
ترکیب استعمال: دو رتی صبح اور شام کو تازہ پانی سے کھلائیں

۳۲۔جو (اس کے نمک کو جوا کھار کہتے ہیں)

نمک سازی: کچے جو کے پودا کو لے کر (یعنی ایسا پودا لیں جس میں بالیاں پیدا ہو گئی ہو، لیکن بالیوں میں دانے نہ پڑے ہوں) خشک کریں پھر اس کو جلا کر راکھ بنالیں۔ اس راکھ کو ایک برتن میں تین روز بھگو رکھیں اور روزانہ کئی بار ہلایا کریں۔ پھر پانی کو نتھار کر حسب معمول نمک تیار کریں۔ یہی نمک اصلی جوا کھار ہے عرف عام میں پوٹاسیم کاربوناس کو جوا کھار کہتے ہیں اور عام طور سے یہی مستعمل ہے۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) بدہضمی اور ہائیر ایسڈیٹی (تیزابیت) کے لیے دو رتی کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد پانی کے ہمراہ کھلائیں۔
(۲) پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ پتھری اور ریگ کو خارج کرتا ہے اسی مقصد کے لیے دو تین رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۳۳۔جل نیم

نمک سازی: جل نیم کے پودوں کو خشک کر کے جلائیں اور حساب دستور نمک بنائیں۔
افعال خواص: یہ نمک اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون ہے۔ اس کے استعمال سے ہر قسم کی خون کی خرابی، آتشک، کوڑھ، خارش، ناصور، کنٹھ مالا،

بھگندر، داد، چنبل اور پھنسیوں کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔
ترکیب استعمال: دو رتی پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۳۴۔ چرچٹا

نمک سازی: چرچٹا کے مسلم پودوں کو جلا کر نمک بنائیں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) اگر دردزہ کے وقت ایک رتی سے دو رتی تک عرق گلاب میں گھول کر عورت کو پلایا جائے تو دس منٹ کے اندر بچہ بآسانی پیدا ہو جاتا ہے۔
(۲) درد گردہ اور سنگ گردہ کے لیے دو رتی یہ نمک اور دو رتی مولی کا نمک ملا کر تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔
(۳) دمہ بواسیر اور استسقاء کے لیے دو رتی یہ نمک بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں۔
(۴) پرانی بلغمی کھانسی اور دمہ کے لیے دو رتی صبح اور شام کو نیم گرم پانی یا عرق بادیاں کے ہمراہ کھلائیں۔

۳۵۔ دھتورہ

نمک سازی: دھتورہ کے مسلم درخت کو مع پھلوں کے جلا کر نمک تیار کریں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) دمہ، پرانی کھانسی اور دائمی نزلہ کی شکایت کے لیے ایک رتی صبح اور شام کو پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
(۲) استقرار حمل کے لیے عورت حیض سے پاک ہونے کے بعد دو رتی صبح نہار منہ پانچ روز تک متواتر تازہ پانی سے استعمال کرے۔
(۳) درد شقیقہ کے لیے ایک رتی تازہ پانی کے ساتھ آفتاب نکلنے سے پیشتر کھلائیں۔

۳۶۔ ڈھاک

نمک سازی: ملائم شاخوں اور قدرے جڑ کو شامل کر کے نمک بنائیں۔
افعال وخواص: درد شکم، متلی، قے، کرم شکم، بدہضمی، ورم طحال، بھوک کی کمی اور باؤ گولا کے لیے مفید ہے۔ سرعت انزال کے لیے بھی مفید ہے۔
ترکیب استعمال: دو رتی پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

۳۷۔ ستیاناسی

نمک سازی: ستیاناسی کے مسلم پودے کو جلا کر نمک تیار کریں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال (۱) داد، چنبل، خارش اور آتشک کے لیے دو رتی تازہ پانی سے صبح اور شام کو کھلائیں۔
(۲) رفع قبض کے لیے دو رتی رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

۳۸۔ سونٹھ

نمک سازی: سونٹھ کو جلا کر حسب معمول بنائیں۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک معدہ کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ اعلیٰ درجہ کا ہاضم طعام اور کاسر ریاح ہے۔ بقدر دو رتی ہمراہ آب نیم گرم یا تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔
(۲) بھوک پیدا کرنے کے لیے اس کو بقدر دو رتی لیموں کاغذی کے رس میں ملا کر چٹائیں۔
(۳) درد شکم، قولنج ریاحی اور بلغمی کے لیے دو رتی سے چار رتی تک نیم گرم عرق گلاب کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
(۴) یہ نمک ایک رتی نمک پودینہ ایک رتی، نمک اجوائن دیسی ایک رتی ملا کر کھلانا نہایت ہاضم طعام کاسر ریاح اور دافع درد شکم ہے اور معدے کی شکایت کے لیے اکسیر کامل ہے۔

۳۹۔ سونف

نمک سازی: سونف کے مسلم درخت کو اس وقت لیں جب کہ سونف پھل گئی ہو، پھر اس کو خشک کر کے نمک بنائیں۔
افعال وخواص: یہ نمک نہایت ہاضم طعام، ملین، کاسر ریاح، مقوی معدہ، مقوی بصر، دافع تبخیر اور دافع خفقان ریاحی ہے۔

ترکیب استعمال: دو تین رتی مناسب بدرقہ یا تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۴۰۔ کاسنی

نمک سازی: کاسنی کے مسلم درخت کو مع بیجوں کے جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: یہ نمک نہایت مقوی جگر دافع، یرقان، ورم، جگر سدہ جگر اور مدر بول ہے۔ دو سے چار رتی تک مناسب بدرقہ یا پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو کھلائیں۔ اگر یہ نمک دو رتی اور نمک مکو دو رتی ملا کر کھلایا جائے تو مذکورہ قواعد میں دو چند اضافہ ہوجاتا ہے۔

۴۱۔ کپاس

نمک سازی: کپاس کی جڑ، پھول، پھل، ٹیری اور شاخوں کو جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: حیض کی کمی حیض کی بندش، آنول اور پیٹ کے مردہ زندہ بچے کو خارج کرنے کے لیے یہ نمک اپنی مثال خود آپ ہے۔ بقدر چار رتی مناسب بدرقہ یا صرف پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۴۲۔ کریلا

نمک سازی: کریلا کے پھلوں کو خشک کر کے جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: استسقاء یرقان، بواسیر، گھٹیا، نقرس، سنگ گردہ ومثانہ، عظم جگر اور کرم شکم کے لیے اکسیر صفت ہے۔ دو رتی روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۴۳۔ کگروندہ

نمک سازی: کگروندہ کو جلا کر حسب معمول نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) سل ودق اور پرانی کھانسی کے لیے دو رتی صبح اور شام کو تازہ پانی یا لعوق سپستاں ۲ تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

یرقان، کرم شکم، ضعف جگر، بواسیر، سنگ گردہ ومثانہ کے لیے دو رتی تازہ پانی کے ہمراہ صبح اور شام کھلائیں۔
گٹھیا کے لیے دو رتی یہ نمک شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں۔

۴۴۔ کنڈیاڑی

نمک سازی: کنڈیاری یا کٹائی خرد مسلم کو مع پھلوں کے جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: گٹھیا، نقرس، کنٹھ مالا، بلغمی کھانسی ودمہ درد شکم، عرق النساء، درد گردہ، بدہضمی اور قے بلغمی کے لیے نہایت مفید ہے۔ بقدر دو رتی نیم گرم پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو دیں۔

۴۵۔ کیلا

نمک سازی: کیلا کے درخت کو مع پھول کے جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: پتھری، سوزاک، بواسیر، اور حیض کو جاری کرنے کے لیے دو رتی کیلا کا نمک اور دو رتی شورہ قلمی ملا کر تازہ پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو کھلائیں۔

۴۶۔ گوکھرو

نمک سازی: گوکھرو کے مسلم پودوں کو جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: پتھری کو خارج کرنے اور پیشاب کو جاری کرنے کے لیے بہترین چیز ہے۔ دو سے چار رتی تک تازہ پانی سے کھلائیں۔

۴۷۔ گیہوں

نمک سازی: گیہوں کا ایسا پودا لیں جس کی بالیوں میں دانہ پڑا ہو اس پودے کو جلا کر حسب معمول نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) گیہوں کا نمک ایک حصہ، دو سالہ گیہوں دو حصہ دونوں کو گھوٹ کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی روزانہ تین بار منہ میں رکھ کر چوسیں کھانسی کے لیے نہایت مفید ہے۔

(۲) باؤ گولا کے لیے ایک ماشہ نیم گرم پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو کھلائیں۔

(۳) پتھری اور پیشاب کو جاری کرنے کے لیے ایک ایک ماشہ صبح اور شام کو شربت بزوری معتدل دو تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۴) ضعف جگر کے لیے ایک ماشہ گائے کی چاچھ کے ہمراہ کھلائیں۔

(۵) نفخ شکم اور ریاحوں کو خارج کرنے کے لیے ایک ماشہ نیم گرم پانی یا عرق بادیان کے ہمراہ کھلائیں۔

(۶) بواسیر کے لیے ایک ماشہ صبح اور شام کو تازہ پانی سے دیں اور اسی نمک کو مکھن میں ملا کر بواسیر کے مسوں پر لگائیں۔

(۷) دمہ کے لیے ایک ماشہ صبح اور شام کو نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

(۸) پیٹ کے کیڑوں کو دور کرنے کے لیے ایک ماشہ صبح کو گائے کی چاچھ کے ہمراہ اور ایک ماشہ شام کو نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

(۹) عورتوں کا دودھ بڑھانے کے لیے چار رتی یہ نمک اور چار رتی زیرہ، سفید کا سفوف ملا کر صبح اور شام کو گائے کے دودھ کے ہمراہ دیں۔

۴۸۔مدار

نمک سازی: مدار کے زرد پتوں کو خشک کر کے جلائیں اور حسب دستور نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: درد شکم، بدہضمی، متلی، قے، نفخ شکم ورم معدہ ضعف جگر کھانسی دمہ بخار اور فتق کے لیے دو رتی سے چار رتی تک تازہ پانی یا نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

گھٹیا، فالج، لقوہ، رعشہ، کھانسی اور دمہ کے لیے دو رتی سے تین رتی تک شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو چٹائیں۔

۴۹۔مرچ سرخ

نمک سازی: مرچ سرخ کے مسلم پودوں کو مع مرچوں کے خشک کر کے حسب دستور نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) ہیضہ کے لیے دو رتی یہ نمک ہر تین گھنٹے پر عرق گلاب کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۲) بدہضمی اور ریاحوں کی کثرت کے لیے دو رتی صبح اور شام کو تازہ پانی یا عرق گلاب کے ہمراہ کھلائیں۔

درد کمر، گٹھیا، درد گردہ اور عرق النساء کے لیے دو رتی صبح اور شام کو شہد میں ملا کر چٹائیں۔

۵۰۔مکو

نمک سازی: مکو کے مسلم پودوں کو مع بیجوں کے جلا کر نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: ورم معدہ، ورم جگر، ورم گردہ، ورم مثانہ اور ورم امعا کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ قبض کشا اور دافع سدہ جگر ہے۔ بقدر چار رتی صبح اور شام کو تازہ پانی سے یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۱۔مکا

نمک سازی: مکا کے ایسے پودے لیں جس کے بھٹے میں داڑھی نکل آئی ہو، لیکن دانے نہ پڑے ہوں اس کو جلا کر نمک تیار کریں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) درد گردہ، گردہ اور مثانہ کی پتھری پیشاب کی بندش اور کمی کے لیے اس کا استعمال حد درجہ مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے دو رتی یہ نمک اور دو رتی شورہ قلمی ملا کر تازہ پانی یا شربت بزوری معتدل کے ہمراہ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔ یہ نمک تنہا بھی بقدر دو تین رتی پانی یا شربت مذکور کے ہمراہ استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

(۲) کالی کھانسی کے لیے دو رتی شہد خالص میں مل کر دو تین بار چٹائیں۔ بچوں کو صرف ایک رتی استعمال کرائیں۔

(۳) عرق النساء اور نقرس کے لیے دو رتی صبح اور شام کو شہد خالص کے ہمراہ یا تنہا پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۴) کمی حیض اور قبض کے لیے دو رتی شکر سفید ڈیڑھ ماشہ ملا کر نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

(۵) بے خوابی اور جنون کو دور کرنے کے لیے دو رتی نمک ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ہمراہ روزانہ دوبارہ استعمال کرائیں۔

۵۲۔منڈی

نمک سازی: منڈی کے مسلم پودے کو جلا کر نمک بنائیں۔

نمک سازی: منڈی کے مسلم پودے کو جلا کر نمک بنائیں۔
افعال خواص وترکیب استعمال: یہ نمک مقوی اعضائے رئیسہ وشریفہ ہے۔خون کو صاف کرتا ہے بینائی کو تیز کرتا ہے۔لیکوریا کے لیے مفید ہے۔مادۂ تولید کو پیدا کرتا ہے۔مقوی باہ ہے۔وہ بال جو قبل از وقت مفید ہو گئے ہوں۔اس کو عرصہ دراز تک استعمال کرنے سے پہلے سرخ اور پھر سیاہ ہو جاتے ہیں۔چار رتی روزانہ صبح کو گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۳۔مولی

نمک سازی: مولی کی جڑوں کو کتر کر بالکل خشک کرلیں اور پتوں کو کتر کر سوکھالیں پھر جلا کر حسب معمول نمک بنائیں۔مولی سے زیادہ مقدار میں نمک تیار ہوتا ہے۔یہ نمک اس کی جڑوں سے پتوں کی بہ نسبت زیادہ نکلتا ہے۔چنانچہ اگر مولی کی جڑ کی راکھ پچیس تولہ ہو تو اس سے چودہ تولہ نمک حاصل ہوتا ہے اور اگر مولی کے پتوں کی راکھ سو تولہ ہو تو اس سے بیس تولہ نمک نکلتا ہے۔
افعال وخواص وترکیب استعمال: (۱) یہ نمک نہایت ہاضم طعام، کاسر ریاح دافع درد شکم ونفخ شکم ہے۔اس کا استعمال گردہ، ریگ گردہ مثانہ، بدہضمی، ریاح گردہ مثانہ، ورم طحال، ورم جگر، اور بھوک کی کو دور کرتا ہے۔اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے۔بہترین چیز یرقان کے لیے بہت ہی مفید ہے۔بواسیر کے لیے نافع ہے۔دو رتی سے چار رتی یا مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۴۔نکچھکی

نمک سازی: نکچھکی بوٹی کو جلا کر حسب معمولی نمک تیار کریں۔
انتباہ: نکچھکنی کی جڑوں کو اس میں ہرگز نہ شامل کریں کیونکہ اس کی جڑیں زہریلی ہوتی ہیں۔
افعال خواص وترکیب استعمال: (۱) پیٹ کے کیڑوں کو مارنے اور خارج کرنے کے لیے چار رتی صبح نہار منہ تازہ پانی سے کھلائیں۔
(۲) ہسٹیریا کے دوروں کو دور کرنے کے لیے دو رتی گائے کے دودھ کے ہمراہ صبح کو استعمال کرائیں۔
(۳) گٹھیا کے لیے چار رتی صبح اور شام کو نیم گرم پانی سے کھلائیں۔
(۴) ضعف اعصاب کے لیے دو رتی کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد دونوں وقت استعمال کرائیں۔
(۵) دمہ کے لیے دو رتی شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں۔
(۶) نمک نکچھکنی چار رتی کھلا کر اوپر سے گائے کے ایک پاؤ دودھ میں شہد ملا کر پلائیں۔ضعف باہ کے لیے اکسیر ہے۔

نمکیات کے اکسیر صفت مرکبات

۱۔سفوف املاح

(نسخہ) نمک بھنگ، نمک نکچھکنی، نمک پودینہ، نمک مولی، نمک کٹائی ہر ایک ایک تولہ ست اجوائن (تھائمول) پانچ تولہ سب ملا کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔

افعال وخواص: گیسٹر کڑوبل (ریاحی شکایت) کو دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔نہایت ہاضم، کاسر ریاح، مقوی معدہ اور دافع نفخ شکم ہے۔اس کے استعمال سے بھوک خوب لگتی ہے اور ریاحی درد شکم دور ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی یہ سفوف نیم گرم یا عرق بادیاں یا عرق گلاب کے ہمراہ کھلائیں۔ کھانے کو ہضم کرنے کے لیے کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد تازہ پانی سے کھلائیں۔
اس کو جوارش کمونی اور جوارش جالینوس وغیرہ جیسے مرکبات کے ساتھ بھی استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

۲۔نفسانی

(نسخہ) رُب اسرول چھ ماشہ، نمک بھنگ، نمک پوست کو کنار، پوٹاسیم برومائٹ ہر ایک تین ماشہ سب کو خوب کھرل کر کے رکھ لیں۔
مرگی، پاگل پن اور درد شقیقہ کے لیے اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ چار رتی تازہ پانی کے ہمراہ صبح اور رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

۳۔تریاق امساک

(نسخہ) نمک بھنگ، نمک دھتورہ، نمک پوست کو کنار، ہر ایک تین ماشہ جائفل چھ ماشہ، موچرس ایک تولہ سب کو سفوف بنا کر کھرل کر کے پھر برگد کے دودھ میں تین روز کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
افعال خواص: یہ نسخہ زبردست ممسک ہے لیکن اس کو نہایت احتیاط کے ساتھ استعمال کرایا جائے کیونکہ نشہ آور بھی ہے۔
ترکیب استعمال: بقدر برداشت ایک سے دو گولیاں تک گائے کے دودھ کے ہمراہ جماع سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل استعمال کرائیں۔ اس دن صرف مرغن میٹھی غذاء استعمال کرائیں۔

۴۔تریاق باہ

(نسخہ) نمک بھنگ ایک تولہ، کشتہ فولاد عمدہ قسم، ثعلب مصری، کچلا مدبر، مرچ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ سب کو مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔ پھر ایک روز برگد کے دودھ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
افعال وخواص: یہ گولیاں نہایت مقوی باہ اور دافع سرعت ہیں۔ جسمانی اور اعصابی ضعف کو دور کرتی ہیں اور خون صالح پیدا کرتی ہیں۔
ترکیب استعمال: ناشتہ کے دو گھنٹے بعد ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں اور اسی طرح رات کو سوتے وقت دیں۔

۵۔سرعتی

(نسخہ) نمک دھتورہ، سونٹھ، دارچینی، لونگ، جائفل، موچرس، ہموزن لے کر خوب کھرل کر کے مثل سرمہ کے بنا کر رکھ لیں۔
افعال وخواص: سرعت انزال، جریان اور احتلام کی ایک عمدہ دوا ہے۔
ترکیب استعمال: یہ دوا بقدر دو تین رتی، تازہ ملیادی (وہ دہی جو لسی کے لیے مستعمل ہے) کے ہمراہ روزانہ صبح کو نہار منہ استعمال کرائیں۔

۶۔نمک بواسیر

(نسخہ) شورہ قلمی بیس تولہ، گانجا دس تولہ، پہلے گانجے کو قدرے پانی میں پیس کر ٹکیہ بنائیں اور اس ٹکیہ کے اندر شورہ قلمی رکھ کر اس کا گولا بنالیں اور دو پیالیوں میں رکھ کر خوب گل حکمت کر کے خشک کریں۔ پھر پانچ سیر جنگلی اوپلوں پھونک کر ٹھنڈا ہونے پر نکال کر بحفاظت رکھ لیں۔
افعال وخواص: خونی بواسیر اور استحاضہ کے بہترے ہوئے خون کے دور کرنے کے لیے ایک بے خطا نسخہ ہے۔ یہ نسخہ حضرت اجمل اعظم کا محمول مطب تھا۔
ترکیب استعمال: چار رتی دہی کی بالائی پانچ تولہ میں رکھ کر کھلائیں۔

۷۔نمک ناریل مرکب

(نسخہ) ایک سبز ناریل لے کر اس کے سرے سے دو انچ کا گول ٹکڑا کاٹ لیں اور ناریل کے پانی کو نکال دیں۔ پھر اس میں سیندھا نمک (نمک لاہوری) آدھ پاؤ باریک کر کے بھر دیں اب وہی

ناریل کا کوٹا ہوا ٹکڑا اس کے سوراخ پر رکھ کر گوندھی ہوئی مٹی کو کپڑے میں لت پت کر کے مضبوطی سے اس کو بند کر دیں بعد ازاں ناریل کے چاروں طرف ایک انگل موٹی کپڑ وٹی کر کے دھوپ میں خشک کرلیں اب اس کو دستور کے مطابق گجیٹ کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ناریل کے اندر کے جلے ہوئے گودے اور نمک کو احتیاط کے ساتھ نکال کر خوب باریک سفوف کر کے بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: ہائپر ایسڈیٹی (تیز ابیت) ہاضمہ کی خرابی اور درد شکم وغیرہ کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ سے دو ماشہ تک روزانہ دو بار ٹھنڈے پانی سے استعمال کرائیں۔

نوٹ: یہ آیورویدک کا ایک معتبر نسخہ ہے جو ''ناری کیل لون'' کے نام سے مشہور ہے۔

۸۔ اخراجی

(نسخہ) نمک پودینہ، نمک مشکطر اسیع، نمک املتاس، نمک بسکھپرا، نمک کپاس، نمک پرسادشاں، نمک افسنتین، جواکھار ہموزن لے کر خوب کھرل کر کے حفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: حیض کو جاری کرنے اور مردہ زندہ بچہ کو پیٹ سے خارج کرنے اور بچہ بآسانی پیدا کرنے کے لیے اس کا استعمال اکسیر صفت ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

۹۔ دافع درد گوش

نسخہ وترکیب استعمال: نمک لاہوری دو تولہ کو پیس کر آدھ پاؤ صاف پانی میں گھولیں۔ جب گھل جائے تو اس میں پانچ تولہ تل کا تیل ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب خالص تیل رہ جائے اور پانی بالکل جل جائے تو اس کو بحفاظت رکھ لیں۔ دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

افعال وخواص: شدید سے شدید کان کا درد اس کے استعمال سے موقوف ہو جاتا ہے۔ کان کی پیپ کے لیے بھی اس کا استعمال مفید ہے۔

۱۰۔ اکسیر معدہ

(نسخہ) نمک پودینہ، نمک سیاہ، نوشادر پاپڑیا، گندھک آملہ سار ہموزن، لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔

افعال وخواص: یہ مرکب نہایت ہاضم، کاسر ریاح، دافع درد شکم اور مشتہی ہے۔ نفخ شکم، ضعف ہضم اور پیٹ کی گڑگڑاہٹ کو دور کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک حسب ضرورت استعمال کرائیں۔

۱۱۔ اکسیر بواسیر

(نسخہ) نمک ستیاناسی، مغز تخم نیم، رسوت ہموزن لے کر سب کو خوب گھوٹ کر رکھ لیں۔

افعال وخواص: بواسیر کے لیے تریاق کامل ہے۔ برسوں کا مرض چند دنوں میں دور ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال: دو سے تین رتی تک دو تولہ مکھن میں رکھ کر صبح اور شام کو کھلائیں۔

۱۲۔ مصفی اعظم

(نسخہ) نمک پاپڑہ، نمک جل نیم، گندھک آملہ سار مدبر ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔

افعال وخواص: یہ نسخہ زبردست مصفی خون ہے۔ خارش، پھوڑے پھنسیاں الغرض خون کی تمام خرابیاں اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔

ترکیب استعمال: دو سے چار رتی تک گائے یا بکری کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اس کے دوران استعمال میں اگر ممکن ہو تو گھی خالص زیادہ کھلائیں۔

۱۳۔ مصفی خاص

(نسخہ) نمک جل نیم، رسوت، مرچ سیاہ، ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔

افعال خواص: بواسیر، بھگندر خارش اور پھوڑے پھنسیوں کے لیے

اس کا استعمال حد درجہ مفید ہے، حتیٰ کہ کوڑھ اور آتشک کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔
ترکیب استعمال: تین رتی یہ دوا تازہ پانی سے صبح اور شام کو کھلائیں

۱۴۔اکسیر امساک

(نسخہ) نمک اسبند، نمک دھتورہ ہر ایک چھ ماشہ افیون خالص تین ماشہ، مغز بنولہ سوا تولہ سب کو مثل مائدہ کے سفوف کر کے شراب برانڈی میں ایک روز کھرل کر کے آدھی رتی کی گولیاں بنائیں۔
افعال خواص: امساک پیدا کرنے کے لیے ایک لاثانی مرکب ہے۔
ترکیب استعمال: مقاربت سے ڈیڑھ دو گھنٹے پیشتر ایک گولی گائے کے دودھ سے کھلائیں۔

۱۵۔عرق شفاء

(نسخہ) سوڈا نسٹ دو ٹکیاں پیس کر کے ایک اونس صاف پانی میں ملائیں۔ جب جل جائے تو ٹنکچر کارڈ کو پندرہ قطرے شامل کریں۔ یہ دوا ایک خوراک ہے۔
افعال خواص: ہائیر ایسڈیٹی، اپھارہ، ریاحی درد شکم، ہاضمہ کی خرابی کھٹی ڈکاروں کا آنا بدہضمی تبخیر معدہ اور جملہ گیسٹرک ٹروبل اس کے مستقل استعمال سے قطعی دور ہو جاتی ہیں۔ ایک مایہ ناز نسخہ ہے۔
ترکیب استعمال: ایک ایک خوراک دوا روزانہ دو بار کھانے کے بیس منٹ یا آدھ گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔
نوٹ: اس نسخہ میں بجائے سوڈا منٹ کے سوڈا بائی کارب بیس سے تیس گرین تک شامل کیا جا سکتا ہے۔

۱۶۔نمک مدار مرکب

(نسخہ) مدار کے زرد رنگ کے پتے پانچ تولہ نمک لاہوری پانچ تولہ پہلے نمک کا باریک سفوف بنائیں پھر اس نمک کو تمام پتوں پر چھڑکیں۔ حتیٰ کہ نمک ختم ہو جائے پھر ان سب نمک چھڑکے ہوئے پتوں کو ایک مٹی کی ہانڈی میں بھر کر گل حکمت کر کے حسب دستور گجپٹ کی آگ دیں جب آگ بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو ہانڈی کو باحتیاط کھول کر سب دوا کو نکال کر سفوف کر کے بحفاظت رکھ لیں۔
افعال وخواص: یہ نمک بلغمی کھانسی خصوصاً بچوں کی کھانسی، باؤ گولا اور عظم طعام کے لیے بے حد مفید ہے۔
ترکیب استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک بڑوں کو اور بچوں کو ان کی عمر کے مطابق صبح اور شام کو نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

۱۷۔املاحی

(نسخہ) نمک طعام (نمک سانبھر) نمک لاہوری، نمک سیاہ، کچلون (نمک شیشہ)، نمک پان، نمک مولی، نمک پودینہ، جوا کھار ہر ایک ایک تولہ نوشادر یا پڑیا آٹھ تولہ سب کو نہایت باریک سفوف کریں اور اس کے اوپر کاغذی لیموں کا عرق اس قدر ڈالیں کہ اس کے اوپر دو انگل آجائے۔ بعد ازاں اس کو دھوپ میں خشک کریں یہ عمل تین بار کریں اس کے بعد اس سفوف کو بالکل خشک کر کے ایک مٹی کے کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے اس کے نیچے چھ گھنٹے تک تیز آگ جلائیں۔ جب بالکل ٹھنڈا ہو جائے تو کھول کر سفوف کو نکال کر بحفاظت رکھ لیں۔
افعال وخواص: پیٹ کے درد اور گیسٹرک ٹروبل، نفخ شکم، بھوک کی کمی ذائقہ کی خرابی، قرار شکم، ہاضمہ کی خرابی اور کھٹی ڈکاروں کی کثرت وغیرہ کو دور کرنے کے لیے یہ مرکب اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔
ترکیب استعمال: چار رتی کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد یا وقت ضرورت استعمال کرائیں۔ درد شکم کے لیے نیم گرم عرق گلاب کے ساتھ دیں۔

۱۸۔حافظینہ

(نسخہ) نمک ترپھلا، نمک برہمی، بنسلوچن اصلی، مرچ سیاہ، دانہ الائچہ خورد ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں اور بحفاظت رکھ لیں۔
افعال خواص: برسوں کی بھولی ہوئی باتیں اس کے استعمال سے یاد آجاتی ہیں دماغ اور اعصاب کو طاقت پہنچانے کے لیے یہ نسخہ اپنی نظیر خود آپ ہے۔ اس کے دوران استعمال میں گھی اور دودھ زیادہ

استعمال کرائیں۔
ترکیب استعمال: تین سے چار رتی تک گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۱۹۔سرمہ مقوی بصر

(نسخہ) ہلدی عمدہ قسم دو تولہ، شورہ قلمی عمدہ شفاف چھ ماشہ، دونوں کو ملا کر خوب کھرل کر کے مثل غبار کے سرمہ تیار کریں اور مضبوط کارک والی شیشی میں رکھیں تا کہ نمی نہ پہنچے۔
افعال وخواص: نظر کی کمزوری اور دھند کو دور کرنے کے لیے ایک جادو اثر سرمہ ہے۔ اگر تندرست آنکھوں میں اس کو برابر لگایا جائے تو روشنی قائم رہتی ہے۔ معمولی نسخہ سمجھ کر نظر انداز نہ کیا جائے۔
ترکیب استعمال: تین تین سلائی صبح اور رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگایا جائے۔

۲۰۔تریاق دمہ

(نسخہ) نمک پانسہ، نمک مدار، نمک تمباکو، نمک دھتورہ سب کو ہموزن ملا کر کھرل کر کے رکھ لیں۔
افعال وخواص: بلغمی دمہ اور کھانسی کے لیے واقعی تریاق کامل ہے۔
ترکیب استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک بقدر برداشت صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

۲۱۔حب ممبی خاص

(نسخہ) نمک سیتاناسی چھ ماشہ، جائفل جاوتری، کباب چینی، زعفران، خالص ہر ایک تین ماشہ سب کو خوب گھوٹ کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
افعال وخواص: یہ گولیاں بے حد مقوی باہ دافع جریان اور سرعت انزال ہیں۔
ترکیب استعمال: ایک سے دو گولیاں تک گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۲۲۔اکسیر دمہ

(نسخہ) سنکھیا سفید عمدہ قسم ایک تولہ بنسلوچن اصلی آٹھ تولہ، نمک بانسہ تولہ، نمک چرچٹا ایک تولہ، پہلے سنکھیا کو مثل مائدہ کے کھرل کریں پھر تھوڑا تھوڑا بنسلو شامل کر کے کھرل کرتے جائیں۔ جب سب بنسلوچن شامل ہو کر کھرل ہو جائے تو اسی طرح دونوں نمک ملا کر کھرل کر کے بحفاظت رکھ لیں۔
افعال وخواص: دمہ کی شکایت کے لیے ایک فقیر کا عطا کیا ہوا بہترین نسخہ ہے۔ فقیر کا قول ہے کہ یہ نسخہ اس موذی مرض کے لیے اکسیر کامل ہے اور اس کی مکمل بیخ کنی کرتا ہے۔
نوٹ: احقر کو تجربہ کا موقع نہیں ملا۔

۲۳۔عرق ہاضم

(نسخہ) لواب مغز گھیکوار، آب ادرک تازہ ہر ایک ایک پاؤ نمک سیاہ، نمک لاہوری، چوکیا سہاگہ بریاں، نوشادر پاپڑیا سبھی ہر ایک ڈھائی تولہ۔
پہلے سب نمکیات کو خوب پیس کر سفوف بنائیں پھر لواب گھیکوار اور آب ادرک میں ملائیں اور ایک بڑے بوتل میں بھر کر مضبوط کارک لگا کر دس روز تیز دھوپ میں رکھیں۔ بعد ازاں چھان کر بوتل میں بھر کر بحفاظت رکھ لیں۔
افعال وخواص: پیٹ کا شدید ریاحی درد، نفخ شکم، قراقر شکم، بدہضمی، ہاضمہ کی خرابی، بھوک کی کمی، قبض کی شکایت، جملہ ریاحی تکالیف عظم طعام، ورم جگر، عظم جگر وغیرہ الغرض پیٹ کی جملہ تکالیف اس کے استعمال سے قطعی دور ہو جاتی ہیں۔
ترکیب استعمال: ایک ایک تولہ روزانہ تین بار پلائیں۔

۲۴۔تریاق ریاح

(نسخہ) نوشادر پاپڑیا، ہینگ اصلی ہر ایک ایک تولہ کو کاغذی لیموں کے رس میں گھول کر مٹر کے برابر گولیاں بنائیں۔
افعال وخواص: ہر قسم کے ریاحی درد کو دور کرنے کے لیے اکسیر کامل ہے۔ اس کے آگے بڑے بڑے نسخے ہیچ ہیں۔ یہ نسخہ اپنی نظیر خود آپ ہے۔ ہر مقام کی پھنسی ہوئی ریاح اس کے استعمال سے

خارج ہوجاتی ہے۔ پیٹ اور گردوں کا ریاحی درد موقوف ہوجاتا ہے۔ نفخ شکم دور ہوجاتا ہے۔ بہترین نسخہ ہے اور میرا معمول مطب ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی نیم گرم پانی سے کھلائیں حسب ضرورت روزانہ دوبار صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

۲۵۔نمک سنگ شکن

(نسخہ) ٹھیکری سفید، نوشادر پاپڑیا، شورہ قلمی، حجر الیہود ہر ایک پانچ تولہ املی چھلی ہوئی گٹھلی نکالی ہوئی صاف آدھ سیر، پانی صاف دو سیر۔ پہلے املی کے علاوہ سب دواؤں کو مثل مائدہ کے سفوف کریں پھر سب سفوف اور املی کے پانی میں بھگو دیں روزانہ دن میں تین چار مرتبہ اس مرکب کو خوب ہلا دیا کریں پندرہ روز کے بعد صاف پانی نتھار لیں اور اس کو آگ پر جلا کر حسب دستور نمک تیار کریں اور بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: گردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرنے کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ آدھ گھنٹہ کے اندر درد گردہ غائب ہوجاتا ہے اور تین چار گھنٹے کے اندر پتھری ریزہ ریزہ ہوکر خارج ہوجاتی ہے۔ کہاں ہیں منکرین طب آئیں اور فن طب کے جوہر دیکھیں اور سائنٹفک دنیا میں اس کے مقابلہ میں کوئی فارمولا تو پیش کریں۔

۲۶۔حب دافع دمہ

(نسخہ) نمک پھٹکنی، پرانا گڑ، ہر ایک چھ ماشہ، افیون خالص تین رتی سب کو گھوٹ کر پانی کے مدد سے جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: مختلف قسم کے دمہ کے لیے اکسیر ہے۔ ایک گولی روزانہ استعمال کرائیں۔

۲۷۔اکسیر الدم

(نسخہ) نمک لٹلیلی گیرو ہر ایک چھ ماشہ سب کو کھرل کرکے بحفاظت رکھ لیں۔ بواسیر، نکسیر، اور سل کا خون اس کے استعمال سے بند ہوجاتا ہے۔ بہر حال تمام اقسام کے جریان خون کے لیے اس کا استعمال اکسیر صفت ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی روزانہ صبح اور شام کو تازہ پانی سے کھلائیں۔

۲۸۔اکسیر درد گردہ

(نسخہ) چوکیا سہاگہ بریاں، لوٹا سجی، نوشادر پاپڑیا، مرچ سیاہ، نمک لاہوری، جواکھار، نمک سیاہ، شورہ قلمی، ہینگ اصلی، نمک مولی، ہر ایک چھ ماشہ سرکہ انگوری آٹھ تولہ۔ سب کو مثل مائدہ کے سفوف کرکے سرکہ ملا کر یہاں تک کھرل کریں کہ چٹنی تیار ہوجائے۔

افعال وخواص: درد گردہ، درد ریاحی، ہاضمہ کی خرابی، نفخ شکم اور درد شکم کے لیے اکسیر ہے۔ متلی قے، ورم طحال، ورم جگر اور سنگ گردہ کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ روزانہ دو تین بار استعمال کرائیں۔

نوٹ: اس نسخے کی دوسری ترکیب یہ ہے کہ سرکہ ملانے کے بعد اس کو ایک مٹی کے ہانڈی میں رکھ کر ہانڈی کا منہ بند کرکے چولہے پر رکھ کر نیچے ہلکی آگ جلائیں کہ سرکہ جذب ہوکر دوا گھل جائے۔ سرد ہونے کے بعد ہانڈی کا منہ کھول کر دوا کو پیس کر بند شیشی میں رکھ لیں۔ اس کی مقدار خوراک ایک ماشہ ہے۔

۲۹۔طحالی

(نسخہ) نوشادر پاپڑیا، چوکیا سہاگہ بریاں، سجی، ٹھیکری سفید بریاں، شورہ قلمی، ہموزن لے کر سفوف بنائیں، پھر سرکہ انگوری آٹھ گنا میں سب دواؤں کو حل کرکے ایک بوتل میں مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں۔ اور روزانہ تین چار بار ہلا دیا کریں۔ دو ہفتہ بعد چھان کر مضبوط کارک والی بوتل میں رکھ دیں۔

افعال وخواص: عظم طحال، ورم طحال، بدہضمی، ریاحی شکایات، درد گردہ پیٹ کی خرابی اور پیشاب کی کمی وغیرہ کے لیے حد درجہ مفید ہے۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک روزانہ دوبار استعمال کرائیں۔

۳۰۔ادراری

(نسخہ) نمک افسنتین، جواکھار، نمک کپاس، ریوند چینی، مصبر ہموزن

لے کر دودو رتی کی گولیاں بنائیں۔ افعال خواص: یہ گولیاں حیض کو جاری کرتی ہیں اور حیض کی وقت اور قلت کو دور کرتی ہیں۔

ترکیب استعمال: حیض شروع ہونے کے ایک ہفتہ قبل سے دو رتی روزانہ صبح کو استعمال کرانا شروع کریں اور ابتدائے حیض تک کھلاتے رہیں۔ اگر شربت بزوری معتدل کے ہمراہ دیا جائے تو اور بہتر ہے۔

۳۱۔ دافع سوزش بول

(نسخہ) کتھا سفید، دانہ الائچی خرد، زیرہ سفید، جوا کھار ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں۔

افعال وخواص: پیشاب کی جلن، مثانہ کی سوزش اور سوزاک کے لیے مفید ہے پیشاب کھل کر آتا ہے۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ماشہ روزانہ دو تین بار بکری یا گائے کے کچے دودھ کی لسی یا تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

۳۲۔ اکسیری

(نسخہ) نوشادر پاپڑیا، جوا کھار، چوکیا سہاگہ، نمک سونچر ہر ایک دو تولہ، اجوائن خراسانی ایک تولہ، چھوٹی کٹیلی کا پھل ایک پاؤ سب کو اچھی طرح پیس کر ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ پھر مٹی کی ہانڈی میں گل حکمت کر کے آٹھ سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: بلغمی کھانسی، کالی کھانسی کے لیے بہت ہی نافع ہے۔ ہاضم اور مقوی معدہ ہے۔ گردہ اور پیٹ کے درد کا دافع ہے۔ قبض کشا ہے اور پیشاب کھل کر آتا ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی روزانہ دو تین بار منہ میں رکھ کر چوسیں یا نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

۳۳۔ اکسیر فقیری

(نسخہ) نمک منڈی دانہ الائچی خرد، شکر سفید ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔

نوٹ: یہ نسخہ ایک فقیر کا عطیہ ہے۔

افعال وخواص: اس کو تین ماہ لگاتار استعمال سے جسم میں ایک نئی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ اور شریفہ کو قوت حاصل ہوتی ہے۔ آنکھوں کی روشنی قائم ہو جاتی ہے۔ اور اس میں قدرے اضافہ ہو جاتا ہے قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ روزانہ صبح کو نہار منہ تازہ پانی سے کھلائیں۔

۳۴۔ اکسیر خاص

(نسخہ) نمک مولی، نمک سیاہ، زیرہ سفید، ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔

افعال خواص: ورم جگر، ہاضمہ کی خرابی، ریاحوں کی کثرت، ترش ڈکار درد شکم، سنگ گردہ، درد گردہ، بلغمی قے و متلی بدہضمی کے لیے مفید ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ حسب ضرورت تازہ یا نیم گرم پانی یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔

۳۵۔ گائے کے اوپلوں کا نمک

(نسخہ) گائے کے گوبر کے اوپلوں کو جلا کر حسب دستور نمک بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: بواسیر، استسقاء، قبض اور ریاحی تکالیف کو دور کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔ چار رتی صبح اور شام کو تازہ پانی سے کھلائیں۔

(زلال) اوپلوں کی راکھ کا نتھارا ہوا پانی (وہ پانی جس کو جلا کر نمک تیار کیا جاتا ہے) استسقاء کی شکایت کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ چار تولہ سے پانچ تولہ تک صبح اور شام کو یا صرف ایک وقت تنہا یا مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ یہ نسخہ قبلہ حکیم فرید احمد صاحب عباسی مرحوم کے خاص مجربات میں سے ہے۔

۳۶۔ اکسیر ضیق النفس

(نسخہ) ایک جنگلی کبوتر سیاہ رنگ کالے کو ذبح کریں اور اس کا پیٹ

چاک کر کے اس کی آلائش بخوبی دور کریں۔ اس کے پر وغیرہ کو بالکل اسی طرح رہنے دیں اس کے دور کرنے کی ضرورت نہیں پھر اس کے پیٹ میں نمک لاہوری عمدہ قسم دس تولہ بھر دیں اور پیٹ کو سوئی دھاگہ سے سی دیں بعد ازاں اس کو ایک مٹی کی چھوٹی ہانڈی میں گل حکمت کر کے ایک گڈھے میں دو من اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ جب بالکل سرد ہو جائے تو نمک کو بخوبی پیس کر بحفاظت رکھ لیں۔

افعال خواص: پرانے سے پرانے دمہ والے کو چالیس روز تک استعمال کرائیں۔ مرض کی بیخ کنی بحکم ربی ہو جائے گی۔ اکسیر صفت نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی دوا شہد خالص چھ ماشہ میں ملا کر صبح کو سات روز تک کھلائیں پھر ایک تولہ مکھن کے ہمراہ کھلائیں اور بقیہ چالیس دن پورے کریں۔

۳۷۔ جنگلی کبوتر کی بیٹ کا نمک

(نسخہ) جنگلی کبوتروں کی بیٹ کو جمع کر کے جلا کر سفید راکھ بنائیں پھر حسب دستور نمک تیار کریں۔ جب نمک تیار ہو جائے تو کشتہ حجر الیہود مرکب کا نسخہ درج ذیل ہے) ہموزن ملا کر رکھ لیں۔

افعال خواص: گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کرنے کے لیے اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال: دو سے چار رتی تک مولی اور اس کے پتوں کے رس پانچ تولہ کے ہمراہ روزانہ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

۳۸۔ کشتہ حجر الیہود مرکب

(نسخہ) حجر الیہود پانچ تولہ، شورہ قلمی دس تولہ ہر ایک کو علاحدہ علاحدہ سفوف میں پھر ایک مٹی کی چھوٹی مضبوط ہانڈی میں نیچے اوپر شورہ اور بیچ میں حجر الیہود کا سفوف رکھ کر آدھ سیر مولی کا جڑ کا عرق ڈال کر ہانڈی کو گل حکمت کر کے آٹھ سیر آگ دیں اس طرح چھ آگ پوری کریں اور ہر مرتبہ آدھ سیر مولی کا عرق شامل کریں تاکہ تین سیر مولی کا عرق جذب ہو جائے چھ مرتبہ آگ دینے کے بعد اس مرکب کشتہ کو بحفاظت رکھ لیں۔

افعال خواص و ترکیب استعمال: یہ کشتہ گردے اور مثانہ کی پتھری کو کیسی ہی ہو ریزہ ریزہ کر کے پیشاب کے ذریعہ خارج کر دیتی ہے۔ یہ کشتہ جنگلی کبوتر کی بیٹ کے نمک کے ہمراہ مذکورہ بالا طریقہ مستعمل ہے۔ علاوہ ازیں یہ کشتہ دو رتی جوا کھار دو رتی ملا کر سفوف کر کے شربت بزوری معتدل دو تولہ کے ہمراہ بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔ یہ کشتہ ایک رتی جنگلی کبوتر کی بیٹ کا نمک ایک رتی جوا کھار دو رتی سب کو پیس کر شربت بزوری معتدل کے ہمراہ لے سکتے ہیں۔

۳۹۔ دوائے عجیب

(نسخہ) شورہ قلمی، نوشادر پاپڑیا، ہر ایک ایک تولہ، مار کا دودھ چار تولہ، پہلے نوشادر اور شورہ کو پیس کر سفوف بنائیں، پھر اس سفوف کو ایک لوہے کی بہت ہی صاف کرچھی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں اور تھوڑا تھوڑا مدار کا دودھ اس پر ڈالتے جائیں۔ اور ایک لوہے کے دستہ سے چلاتے رہیں جب دوا سے دھنواں نکلنے لگے اور کنارے سیاہ ہونے لگیں تو آگ سے اتار کر گھوٹیں پھر مدار کا دودھ ڈال کر آگ پر رکھ کر اسی طرح دستہ سے برابر چلاتے رہیں جب تمام دودھ جذب ہو جائے اور دوا کا رنگ سیاہ سرخی مائل ہو جائے، تو ٹھنڈا کر کے نہایت باریک سفوف بنا کر مضبوط کارک والی شیشی میں رکھ لیں۔

افعال خواص و ترکیب استعمال: معمولی بخاروں میں دو رتی یہ دوا شکر سفید تین ماشہ ملا کر نیم گرم پانی سے کھلائیں۔ سینہ کی جکڑن، پسلیوں کے درد اور نمونیا کے لیے اور قولنج کے لیے یہ دوا چار رتی شکر سفید تین ماشہ ملا کر نیم گرم پانی سے یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۴۰۔ دوائے دمہ

(نسخہ) نمک لاہوری عمدہ ضرورت کے مطابق لے کر سفوف کر لیں، پھر اس کو اندرائن کے پھل میں جس قدر بھر سکیں بھر کر کسی مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک

لیں پھر اس کو بحفاظت نکال کر پیس کر رکھ لیں۔
افعال وخواص: بلغمی دمہ اور کھانسی کے لیے بہترین چیز ہے۔
ترکیب استعمال: ایک ماشہ صبح یا دونوں وقت استعمال کرائیں۔

۴۱۔ دوائے شفاء

(نسخہ) شورہ قلمی پانچ کو پیس لیں پھر ترش انار کی پتیاں تازہ دس تولہ لے کر سل پر پیس کر لگدی بنائیں اور اس لگدی کے اندر شورہ قلمی کا سفوف سر کر ہانڈی میں رکھ کر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ سرد ہو جانے موتی کے مانند آب دار دوا نکال کر پیس کر بحفاظت رکھ لیں۔
افعال وخواص: آنتوں کی دق اور پرانے دستوں کی شکایت کے لیے بہترین دوا ہے۔
ترکیب استعمال: ایک رتی یہ دوا صبح اور شام کو معجون سنگدانہ مرغ چھ ماشہ میں ملا کر کھلائیں۔

۴۲۔ سفوف حابس

(نسخہ) گیرو، کشتہ سنگ جراحت، نمک بھنگ ہموزن لے کر مثل مائدہ سفوف بنائیں۔
افعال خواص: کثرت حیض اور استحاضہ کے لیے اکسیر ہے۔
ترکیب استعمال: ایک ماشہ صبح اور شام کو گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۴۳۔ اکسیر مجلوق

نسخہ وترکیب استعمال: نمک پھٹکنی، چار رتی سفف، سونٹھ سفوف، جائفل ہر ایک دو رتی، پارہ مصفیٰ ایک رتی۔ سب کو ایک بڑے چھوہارے میں جس کی گٹھلی نکال دی گئی ہو بھر دیں اور چھوہارے کے دونوں ٹکڑوں کو جوڑ کر دھاگہ سے اس کو باندھ دیں پھر اس کو سوا پاؤ گائے کے دودھ اور دو تولہ شہد خالص میں ڈال کر دھیمی آنچ پر پکائیں۔ جب دودھ اور شہد جذب ہوکر کھویہ بن جائے تو چھوہارے کو نکال کر دھاگہ کھول کر ذرا سا جھٹکا دیں تا کہ پارہ قطعی نکل جائے۔ بعد ازاں چھوہارا کو مع بقیہ دواؤں کے کھلائیں اوپر

کرائیں۔ ملا کر کھلائیں۔ یہ دوا روزانہ صبح کو نہار منہ سردی کے زمانہ میں چالیس روز تک استعمال کرائیں۔ دوران استعمال میں خواہ کتنی شہوت غالب ہو، لیکن مباشرت سے پرہیز کرائیں۔
افعال خواص: گئی گزری طاقت کو واپس لانے کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے اور مخلوق کے لیے آب حیات ہے۔

۴۴۔ بیاضی

نسخہ وترکیب استعمال: سرمہ سیاہ ایک تولہ کو عرق گلاب میں گھوٹ کر سرمہ بنائیں پھر چوکیا سہاگہ اصلی بریاں ایک تولہ اور نمک ستیاناسی ایک ماشہ کو سرمہ میں شامل کرکے چھ گھنٹے ھگوٹ کر بحفاظت رکھ لیں۔ صبح اور رات کو سوتے وقت ماؤف آنکھ میں لگائیے۔

۴۵۔ دوائے خاص

(نسخہ): نمک مدار، نمک پودینہ، ہلیلہ سیاہ، تخم دھتورہ، پیپل، زیرہ سفید، سونٹھ، ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں پھر اس کو آب لیموں کاغذی میں گوندھ کر خشک کرکے دوبارہ سفوف بنائیں۔
افعال وخواص: دردشکم، پیٹ کی گڑگڑاہٹ، بدہضمی اور ریح البواسیر کے لئے بے حد مفید ہے۔
ترکیب استعمال: ایک سے دو رتی تک نیم گرم یا عرق گلاب یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

۴۶۔ دوائے سرطان

(نسخہ): تازہ کیکڑا لے کر اس کو صاف کریں پھر پانچ تولہ صاف کیکڑا کو سفوف ٹھکری سفید دس تولہ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ میں پھونکیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اس میں سے ایک تولہ دوا اور نمک بانسہ ایک تولہ ملا کر کھرل کرکے رکھیے۔
افعال وخواص: سل اور دق کے لئے ایک بہترین تحفہ ہے۔

۴۷۔ کبدی

نسخہ: نمک مدار، ہلدی، زیرہ سفید ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنا ترکیب استعمال:

افعال وخواص: ضعف جگر اور استسقاء کے لیے بہت مفید ہے۔

ترکیب استعمال: تین رتی صبح اور شام کو پانی یا عرق مکو کے ہمراہ کھلائیں۔

۴۸۔ اکسیر عجیب

نسخہ: نمک کیلا، کافور، دانہ الائچہ خرد، جاوتری، چھڑیلا، لونگ، کچور ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔ پھر دو مٹی کے پیالوں میں بند کر کے نیچے چراغ جلا کر پیالیوں کے اوپر ٹھنڈے پانی کی گدی رکھو حسب دستور جوہر حاصل کریں۔

افعال وخواص: یہ جوہر دل کی دھڑکن، گھبراہٹ، الجھن، دل کی کمزوری، تبخیر معدہ اور ہاضمہ کی خرابی کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اگر اس جوہر کو تین ماشہ لے کر ایک تولہ گھوٹے ہوئے سرمہ میں ملا کر پھر گھوٹ کر آنکھوں میں لگائیں تو آنکھوں میں ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔ سرخی جلن اور آنکھوں کی خارش کو دور کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی عرق گلاب یا تازہ پانی سے کھلائیں۔

۴۹۔ تریاق عجیب

نسخہ: نمک افسنتین، نمک مدار، نمک اہل بیل ہموزن لے کر مثل مائدہ سفوف بنائیں۔

افعال وخواص: نزلہ، زکام، ہر قسم کی کھانسی، بواسیر ریاحی شکایت، ہاضمہ کی خرابی، مالیخولیائے مراقی اور مختلف امراض کے لیے اس کا استعمال حد درجہ مفید ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۰۔ دوائے سنگ

نسخہ: خربوزہ کے چھلکوں کو خشک کر کے جلا کر نمک تیار کریں۔ یہ نمک چھ ماشہ، نمک بکائن چھ ماشہ، جوا کھار چھ ماشہ، نمک مولی چھ ماشہ، سب کو کھرل کر کے رکھ لیں۔

افعال وخواص: پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ نمک بوسڈ خریزہ تنہا بھی پیشاب لانے کے لیے بہت زیادہ مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے اس کو دورتی یا مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

ترکیب استعمال: یہ مرکب بقدر چار رتی پانی یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۱۔ نمکین

نسخہ: چوکیا سہاگہ اصلی، نوشادر یا پڑیا ہر ایک دو تولہ کو سفوف کر کے لعاب گھیکوار پانچ تولہ بخوبی کھرل کر کے ایک گولا بنائیں اور اس کو خشک کریں بعد ازاں اس کو گیہوں کے گوندھے ہوئے آٹا میں ملفوف کریں یعنی دو انگل موٹا آٹا گولا کے چاروں طرف چڑھائیں۔ پھر اس کو بھوبھل میں دفن کر دیں جب آٹا سیاہ ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر گولا کو نکال کر ٹھنڈا کریں پھر آٹا کو قطعی نکال کر دوا کو پیس کر بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: کھانسی، قبض، ہاضمہ کی خرابی، ریاحی شکایت، بھوک کی کمی، ڈکاروں کی کثرت اور نفخ شکم کے لیے اکسیر ہے۔ بادی اور بلغمی بیماریاں اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔

ترکیب استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک پانی یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۲۔ کیمیائے عشرت

نسخہ: نمک نکچھکنی ایک تولہ، شنگرف مدبر، چوکیا سہاگہ بریاں، مرچ سیاہ کشتہ ابرک سیاہ ہر ایک ایک چھ ماشہ، ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ ورق طلاء ایک رتی سب کو لگاتار زور دار ہاتھوں سے چھ گھنٹے کھرل کر کے بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: ضعف باہ کو دور کرنے کے لیے تریاق کامل ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی صبح کو مکھن یا لبوب کبیر ایک تولہ میں مل کر کھلائیں اوپر سے دودھ پلائیں۔

۵۳۔مفاصلی

نسخہ: نمک اونٹ کٹارہ، سورنجان شیریں، پوست ہلیلہ زرد، مصبر ہموزن لے کر سفوف کریں پھر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
افعال وخواص: گٹھیا، عرق النساء اور درد کمر وغیرہ کے لیے اکسیر ہے۔
ترکیب استعمال: دو سے چار گولیاں تک نیم گرم پانی کے ہمراہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

۵۴۔ہاضم

نسخہ: مدار کی کلیاں (پھول) تین تولہ، مرچ سیاہ، سونٹھ پیپل، نمک سیاہ، چوکیا سہاگ بریاں، نوشادر پاپڑیا، سائٹرک ایسڈ، ٹارٹرک ایسڈ، ہر ایک ایک تولہ سب کو سفوف کر کے آب ادرک میں گھوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔
افعال وخواص: یہ گولیاں نہایت ہاضم مقوی معدہ، کاسر ریاح اور دافع درد شکم ہیں۔ ان کے استعمال سے پیٹ کی ہر قسم کی خرابی دور ہوجاتی ہے۔بہترین چیز ہے۔
ترکیب استعمال: ایک سے دو گولیاں تک تازہ پانی سے کھلائیں۔

۵۵۔اکسیر سرخ

نسخہ: نوشادر پاپڑیا، مرچ سیاہ، مدار کی جڑ کی چھال ہر ایک ایک تولہ گیرو دو تولہ، کافور چھ ماشہ، نمک پودینہ تین ماشہ، سب دواؤں کو کوٹ چھان کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔
افعال وخواص: (۱) بدہضمی، درد شکم، کھٹی ڈکاروں اور نفخ کے لیے ایک خوراک تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں اگر ضرورت ہو تو اس کی دو تین خوراکیں تین تین گھنٹے کے بعد استعمال کرائیں۔
(۲) مرگی، بیہوشی، دردسر، بندز کام اور درد شقیقہ کے لیے ذرا سی دوا لے کر اس کی نسوار دیں۔
(۳) درد دندان کے لیے اس کو بطور منجن استعمال کرائیں۔
(۴) کالرا، متلی اور قے کے لیے ہر آدھ گھنٹہ بعد ایک خوراک عرق گلاب سے دیں۔
(۵) ملیریا، انفلوئنزا اور معمولی بخار کے لیے ایک خوراک نیم گرم پانی سے کھلائیں۔
(۶) بچھو، بھڑ اور زہریلے جانوروں کے ڈسنے کی صورت میں ذرا سی دوا پانی میں گھول کر مقام ماؤف پر لگائیں۔
ترکیب استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۵۶۔دوائے قبض کشا

نسخہ: نمک اندرائن، سقمونیا، جلاپہ، نوشادر پاپڑیا ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔
افعال وخواص: دست لانے اور قبض کشائی کے لیے بہترین دوا ہے۔
ترکیب استعمال: چار رتی نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

۵۷۔سفوف کبد نوشادری

نسخہ: نوشادر پاپڑیا دس ماشہ نمک لاہوری، نمک طعام، نمک سیاہ، ہر ایک چھ ماشہ ہلیلہ سیاہ چار ماشہ چوکیا سہاگہ بریاں، نرکچور، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، پوست ہلیلہ، آملہ مصفےٰ، باؤبرنگ، مرچ سیاہ، پیپل، سونٹھ جوا کھار ہر ایک دو ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں پھر آب لیموں کاغذی میں گوندھ کر خشک کریں۔ بعد ازاں مثل مائدہ کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔
افعال خواص: معدہ اور جگر کی جملہ شکایات کے لیے اکسیر ہے۔ اس کے استعمال سے معدہ اور جگر کا ورم دور ہوجاتا ہے۔ اور ان کی مکمل اصلاح ہوجاتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ نفخ شکم، قبض، درد شکم، متلی، قے، بدہضمی، گیسٹرک ٹربل اور کھٹی ڈکاروں کی شکایت اس کے استعمال سے موقوف ہوجاتی ہے۔ بہترین نسخہ ہے۔
ترکیب استعمال: ایک ماشہ سے دو ماشہ تک مناسب بدرقہ یا تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔ ورم معدہ اور ورم جگر کے لیے صبح اور شام کو عرق مکو، عرق بادیان کے ہمراہ دیں، بقیہ امراض میں حسب موقع یا کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔

۵۸۔نمک کا چٹکلا

نسخہ: نمک سیاہ، چار تولہ، چوکیا سہاگہ اصلی دو تولہ دونوں کو ملا کر سفوف بنائیں اور ایک صاف کڑاہی میں اس سفوف کو ڈال کر نیچے آگ جلائیں اوپر سے مولی کی جڑوں کا پانی ایک پاؤ تھوڑا تھوڑا سفوف میں شامل کر کے کسی لوہے کے دستہ سے چلاتے رہیں۔ جب سارا پانی جذب ہو جائے تو سفوف بنا کر بحفاظت رکھ لیں۔

افعال و خواص: درد شکم، بدہضمی، قے، متلی اور قبض کے لیے نہایت مفید ہے۔ ہاضم ہے، بھوک بڑھاتا ہے، چوسنے سے گلے کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔ اور آواز کو کھولتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔

۵۹۔ عجیب الاثر

نسخہ: ٹھیکری سفید، نمک طعام، نوشادر پاپڑیا، شورہ قلمی، ہر ایک پانچ تولہ، ہر ایک دوا کو علاحدہ علاحدہ پیس کر باہم ملائیں۔ بعد ازاں ایک نئی مٹی کی ہانڈی لے کر اس کے اندر گیلی مٹی کا ایک بوتہ بنا کر رکھیں اور اس بوتہ پر ایک لک دار پیالی سیدھی رکھ دیں۔ پھر اس کے ارد گرد سفوف مذکور چاروں طرف پھیلا دیں اس کے بعد ہانڈی پر ٹھنڈے پانی سے بھر کر ایک مٹی کی ٹھلیا رکھ دیں۔ پھر ہانڈی اور ٹھلیا کے جوڑ کو گل حکمت کر دیں تا کہ بھاپ باہر نہ نکل سکے۔ اب ہانڈی کو چولہے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ جب اوپر والی ٹھلیا کا پانی گرم ہو جائے تو آگ بند کر دیں اور سرد ہونے پر ہانڈی کو اتار لیں اور ٹھلیا کو علاحدہ کر دیں، لگدار پیالی عرق سے بھری ہوئی ملے گی۔ اس عرق کو بحفاظت شیشی میں رکھ لیں۔ ہانڈی کی اندرونی دیوار دل پر جوہر لگا ہوا ملے گا اس کو کھرچ کر علاحدہ کر لیں اور بقیہ سفوف جو نیچے ہو گا اس کو پھر پیس کر محفوظ کر۔ گویا اس عمل میں تین طرح کی دوائیں تیار ہوئی۔ اب ذیل میں ان کے یہ ٹھیکر علاحدہ افعال و خواص اور ترکیب استعمال کو بیان کیا جاتا ہے۔

خواص و ترکیب استعمال (۱) عرق: داد اور چنبل کے لیے اکسیر ہے تین بار لگائیں ہفتہ عشرہ میں داد چنبل کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ قدرے سرسوں کے تیل میں ملا کر بواسیر کے مسوں پر لگانے سے مرجھا کر گر جاتے ہیں۔ اس عرق کو آٹھ گنا سرسوں کے تیل میں ملا کر تمام جسم پر مالش کرنے سے خارش کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ اگر ناک میں کیڑے پیدا ہو جائیں تو ہموزن روغن بادام ملا کر ناک میں دو تین قطرے ٹپکالیں۔

اگر سر پر پھنسیاں نکلی ہوں تو اس کے تل کے تیل میں ملا کر لگائیں۔ اگر کان میں درد ہو تو گلیسرین میں ملا کر دو چار قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

۲۔ جوہر: آنکھوں کی خارش جالا، پھولا، دھند اور ککرے وغیرہ کے لیے بہترین چیز ہے۔ سلائی سے صبح اور شام کو لگائیں۔

۳۔ سفوف: درد شکم، نفخ، کھانسی، دمہ اور پیٹ کی ریاحی تکلیف کو دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ ایک سے دو رتی تک ایک مویزہ منقیٰ میں لپیٹ کر کھلائیں، درد شکم اور پیٹ کی ریاحی تکلیف کے لیے نیم گرم عرق گلاب سے کھلائیں۔

۶۰۔ سفوف درد شکم

نسخہ: میٹھا تیلیا مدبر دو ماشہ، جواکھار، سجی، جوہر نوشادر پاپڑیا، نمک اندرائن، نمک مولی ہر ایک چھ ماشہ، نمک چرچٹا تین ماشہ، سائٹرک ایسڈ ڈیڑھ تولہ، مرچ سیاہ نو ماشہ، گیرو ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں اور بحفاظت رکھیں۔

افعال و خواص: قولنج اور پیٹ کا ہر قسم کا ریاحی اور قشنجی درد اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی سے چار رتی تک نیم گرم پانی کے ہمراہ بقدر ضرورت برداشت استعمال کرائیں۔

۶۱۔ اکسیر شکم

نسخہ: سفوف شورہ قلمی عمدہ قسم پانچ تولہ، تیزاب گندھک ایک تولہ ایک چینی کے برتن میں دونوں کو ملائیں۔ ملانے کے بعد خوب دھواں اٹھے گا۔ جب دھواں بند ہو جائے تو اس مرکب کو کسی نئی صاف اینٹ پر الٹ دیں تا کہ تیزابیت اینٹ میں جذب ہو جائے بعد ازاں اس کو پیس کر کسی مضبوط کارک والی شیشی میں رکھ لیں۔

افعال وخواص: کالرا کے لیے بہترین دوا ہے۔ بند پیشاب کو کھولتی ہے اور پیٹ کے درد کو فوراً دور کرتی ہے۔ علاوہ ازیں بدہضمی، پلٹی۔ ڈکار اور اپھارہ کو دور کرتی ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی یہ دوا گلقند آفتابی ایک تولہ میں لپیٹ کر مریض کو ہر چار گھنٹے پر استعمال کرائیں۔

۶۲۔نوشادری

نسخہ: نوشادر پاپڑیا ایک پاؤ کو نیم کوب کر کے مٹی کی ہانڈی میں ایسا بند کر کے ایک گھنٹہ تک پکائیں کہ اس کی بھاپ باہر نہ نکلنے پائے یعنی ہانڈی کے منہ کو گل حکمت کر دیں۔ ہانڈی کے ٹھنڈے ہونے کے بعد نوشادر نکال لیں اور اس کے ہموزن گندھک آملہ سار ملائیں۔ پھر دونوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور اس سفوف سے دوگنا مولی کی جڑوں کا پانی ملا کر کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: یہ سفوف مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہے۔ پیٹ کی بلغمی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے، پیشاب لاتا ہے۔ جگر اور پیٹ کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے اور ریاحی تکلیف کو مٹاتا ہے۔

۶۳۔سرمہ کافوری

نسخہ: سرمہ سیاہ، سمندر پھین، پھٹکری سفید بریاں، شورہ قلمی کہ جست ہر ایک چھ ماشہ، نمک لاہوری، نمک طعام، کچلون (نمک شیشہ) کافوری الائچی خرد، پیپل، ہر ایک تین ماشہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ، سب کو مثل مائدہ سے سفوف بنائیں پھر ترپھلا (ہڑ، بہیڑہ، آملہ ہموزن) کو پانی میں بھگو دیں اور یہ پانی پانچ تولہ لے کر سفوف کو اس میں گھوٹ کر سرمہ تیار کریں۔

افعال وخواص: جالا معمولی پھولا، آنکھ کی کھجلی، دھند، ناخونہ، سرخی اور ابتدائی موتیابند کے لیے بہترین چیز ہے۔

ترکیب استعمال: صبح اور رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

۶۴۔چورن خاص

نسخہ: نوشادر پاپڑیا نو تولہ، نمک طوام، نمک لاہوری، نمک سیاہ، چوکیا سہاگہ بریاں، سونٹھ، سونف، پودینہ خشک، اجوائن دیسی، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ سب کو مثل مائدہ کے سفوف بنائیں پھر پیپر منٹ، ست اجوائن کافور ہر ایک تین ماشہ کو باہم ملا کر گھوٹیں۔ جب محلول تیار ہو جائے تو اس میں کورہ سفوف اور سوڈا بائی کارب چھ ماشہ ملا کر کھرل کر کے بحفاظت مضبوط کارک میں بھر کر رکھ لیں۔

افعال وخواص: درد شکم، نفخ شکم، قراقر، تبخیر معدہ، بدہضمی، کالرا، متلی، قے، ترش ڈکار اور پیٹ کے بھاری پن کو اکسیر ہے۔ ہیضہ کے زمانہ میں بطور حفاظت استعمال کرائیں جملہ شکایات کے لیے بے حد نافع ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ تنہا یا کسی مناسب بدرقہ یا عرق گلاب کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۶۵۔دوائے مراق

نسخہ: نمک افسنتین، نمک افتیمون، بنسلوچن اصلی، دانہ الائچی خرد، مصطگی اصلی ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: مالیخولیائے مراقی کے لیے یہ نسخہ اکسیر ہے۔ ایک ماشہ صبح اور شام کو تازہ پانی سے کھلائیں۔

۶۶۔مفید منجن

نسخہ: کچلا کلاں پانچ عدد کو جلا کر راکھ کر لیں پھر پھٹکری سفید بریاں پانچ ماشہ، نمک لاہوری پانچ ماشہ، نیلا تھوتھا کو جلا کر راکھ کر لیں ڈھائی ماشہ، سونٹھ پانچ ماشہ، کالی مرچ پانچ ماشہ، سب کو ملا کر مثل مائدہ کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: اس منجن کو دانتوں پر ملنے سے دانت خوب صاف ہو جاتے ہیں۔ ان شکایت لاحق نہیں ہوتی۔ ان کے استعمال سے مسوڑھوں کا درد اور ورم قطعی ہو جاتا ہے۔ بہترین نسخہ ہے۔

۶۷۔اکسیر ملیریا

نسخہ: پھٹکری سفید تین تولہ، چوکیا سہاگہ اصلی، شورہ قلمی ہر ایک چار

تولہ، تینوں دواؤں کو سفوف کر کے لوہے کی صاف کرچھے میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ اور اجوائن دیسی تین تولہ، مرچ سیاہ تین ماشہ کو سفوف کر کے اس میں چٹکی مذکورہ سفوف پر دیتے ہیں اور دوا کو کسی لوہے کے دستہ سے چلاتے رہیں جب چٹکی والی دوا ختم ہو کر دھواں بند ہو جائے تو آگ سے تار کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔

افعال وخواص: یہ نسخہ ہر قسم کے ملیریا کے لیے بمنزلہ تریاق ہے استعمال کے بعد تجزیہ خود شاہد ہوگا۔

ترکیب استعمال: بخار چڑھنے سے تین گھنٹے قبل تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک شربت بزوری معتدل کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۶۸۔ چٹکی اطفال

نسخہ: نمک طعام، نمک لاہوری، نمک سیاہ، چوکیا سہاگہ بریاں، نوشادر پاپڑیا، ترکچور، برگ سناء، بادیان، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ پودینہ خشک، دانہ الائچی کلاں (بڑی)، باؤبرنگ، گل سرخ، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، آملہ خشک، پوست ہلیلہ، سب دوائیں ہموزن لے کر سفوف تیار کریں۔

افعال وخواص: بچوں کی پیٹ کی شکایات مثلاً قے، متلی، قبض، بد ہضمی اور اپھارہ وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے اور یہ سفوف ان کی نشوونما کو صحیح حالت میں لاتا ہے۔

۷۲۔ حب دافع پیچش

نسخہ: افیون خالص، چوکیا سہاگہ بریاں، مصطگی اصلی، شنگرف مصفےٰ ہموزن لے کر سوائے افیون کے اور دواؤں کو مثل مائدہ کے سفوف کر کے افیون کو قدرے پانی میں گھول کر سفوف میں ملا کر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

افعال وخواص: سدہ کو دور کرنے کے بعد پیچش روکنے کے لیے بے نظیر دوا ہے۔ اکثر ایک ہی روز میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے اسہال بواسیری بھی دور ہو جاتے ہیں خاص چیز ہے۔

۶۹۔ حب تنکار

نسخہ: چوکیا سہاگہ بریاں چھ ماشہ، اجوائن خراسانی ساڑھے سات ماشہ، مرچ سیاہ تین تولہ، مصبر چار تولہ، سب کو سفوف کر کے لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

افال وخواص وترکیب استعمال: اخراج ریاح اور اصلاح معدہ کے لیے تین گولیاں خالص گھی یا روغن گل میں چرب کر کے تازہ پانی سے رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ قبض کو دور کرنے اور دست لانے کے لیے پانچ گولیاں مذکورہ طریقہ پر استعمال کرائیں۔ بعض موقع پر یہ چرب کی ہوئی گولیاں سبوس اسبغول (اسپغول کی بھوسی) تین ماشہ میں رکھ کر کھلائیں جاتی ہیں، بہترین نسخہ ہے۔

۷۰۔ دوائے بدگوشت

نسخہ: سنکھیا سفید، چوکیا سہاگہ کچا، سجی، ہلدی جلائی ہوئی، نوشادر پاپڑیا پھٹکری، سفید بریاں ہموزن لے کر سب کو مثل مائدہ پیس کر رکھ لیں۔

افعال وخواص: ہر قسم کے بدگوشت کو کاٹنے کے لیے عمدہ چیز ہے۔

ترکیب استعمال: بدگوشت اور مسہ پر سرکہ خالص میں اس سفوف کو ملا کر لگائیں۔ پانی میں بھی گھول کر یہ سفوف استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

۷۱۔ دوائے دافع مسہ

نسخہ: پھٹکری سفید بریاں، چوکیا سہاگہ کچا، نوشادر پاپڑیا، دھوبی سوڈا ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔

افعال وخواص وترکیب استعمال: مسوں کو کاٹنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ سرکہ خالص میں ملا کر مسوں پر لگائیں۔

۷۲۔ دوائے دافع جوئیں

نسخہ: پھٹکری سفید اور چوکیا سہاگہ کچا ہر ایک تین ماشہ کو ایک سیر گرم پانی میں گھول کر سر پر ملنے سے جوئیں اور لیکھوں کا صفایا ہو جاتا ہے۔

۷۳۔ اکسیر طحال

نسخہ: فیرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس۔

(Ferri et Ammom Citras)

مرچ سیاہ، پیپل ہر ایک ایک تولہ، نمک سیہ، نمک شیشہ، سجی ہر ایک دو تولہ، شورہ قلمی، نوشادر پاپڑیا، ہر ایک ڈھائی تولہ، جوا کھار، بناری رائی، مدار کا پھول، چوکیا سہاگہ بریاں، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، سونف پانچ تولہ، سب کو مثل مائدہ کے سفوف بنائیں۔ پھر لعاب کھیکوار میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

افعال وخواص: ورم طحال، عظم طحال خواہ کیسی حالت میں ہو سب کے لیے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں ورم جگر مزمن عظم جگر ورم معدہ مزمن، درد شکم، اپھارہ، قیض اور قراقر شکم وغیرہ کے لیے حد درجہ مفید ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک شام کو مناسب بدرقہ یا نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

۷۴۔ اکسیر معدہ

نسخہ: نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک شیشہ، نمک طعام، سجی، جوا کھار، گندھک، آملہ سار، چوکیا سہاگہ بریاں، شورہ قلمی، سونٹھ، مرچ سیاہ، پیپل، ہینگ اصلی، ہر ایک دو تولہ، نوشادر پاپڑیا چار تولہ سب کو سفوف کر کے ایک شیشہ کے مرتبان میں ڈالیں اوپر سے آب ادرک تازہ آب کھیکوار تازہ ہر ایک بیس تولہ آب لیموں کاغذی تیس تولہ ڈال کر خوب حل کریں جب سب مل جائے تو مضبوطی سے بند کر کے دھوپ میں اتنے دنوں تک رکھ چھوڑیں کہ سب پانی جذب ہو جائے بعد ازاں مرتبان کے منہ پر کپڑا باندھ کر دھوپ میں رکھیں کہ دوا خشک ہو جائے پھر بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: یہ مرکب غذا کے ہضم اور جذب کے نظام کو درست کرتا ہے بھوک لگاتا ہے، ریاحوں کو خارج کرتا ہے، پیٹ کے بھاری پن اور اپھارہ کی شکایت کو دور کرتا ہے۔

آنتوں کی حرکت دور سر کو تیز کر کے قبض کو رفع کرتا ہے اور ریاحی درد شکم کو مٹاتا ہے اور تمام ریاحی شکایات کو دور کرتا ہے کھانے کو فوراً ہضم کر دیتا ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک حسب ضرورت برداشت استعمال کرائیں۔

۷۵۔ دافع بدگوشت ناک

نسخہ: پھٹکری سفید، چوکیا سہاگہ کچا، زنگار جلایا ہوا ہموزن لے کر سفوف کر کے رکھ لیں۔ ناک کے اندر بطور نسوار استعمال کرائیں۔ اگر ناک میں جلن پیدا ہو تو روغن گل لگائیں اور جب تک جلن موقوف نہ ہو دوا کا استعمال بند رکھیں۔

۷۶۔ فروٹ سالٹ

نسخہ: ایسڈ سائٹرک Acid sitric دس گرین
ایسڈ ٹاٹرک AcidTartarik دس گرین
سوڈا بائی کارب Sod Bicrab بیس گرین
میگ سلف Mag sulph بیس گرین

سب کو علاحدہ علاحدہ پیس کر باہم ملا کر ایک پڑیا بنائیں۔ ایسی ایک پڑیا آدھا گلاس پانی میں ڈالیں جب جوش آجائے تو فوراً پلائیں۔

افعال وخواص: معدہ اور جگر کی اصلاح کرتا ہے، کھانے کو ہضم کرتا ہے متلی، قے، نفخ اور درد شکم دور کرتا ہے۔ بدہضمی کو دفع کرتا ہے۔ صفرادیت کا خاتمہ کرتا ہے۔

۷۷۔ حجری

نسخہ: شورہ قلمی تین تولہ کو ایک چھٹانک پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب جوش کھا کر حل ہو جائے تو حجر الیہود ایک تولہ نوشادر پاپڑیا چھ ماشہ، چوکیا سہاگہ تین ماشہ کو سفوف کر کے اس میں ملائیں پھر ایک بڑے پیٹھے کا چھلکا باریک پیس کر اس میں اضافہ کریں بعد ازاں آگ سے اتار کر کے سفوف بنائیں اور بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: گردے کے درد اور اس کی پتھری کو دور کرنے کے لیے لاجواب چیز ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی یہ دوا بکری کے دودھ کی لسی کے ساتھ پلائیں۔

۷۸۔ دوائے مشتہی

نسخہ: آب ادراک، آب لیموں کاغذی، نمک لاہوری ہر ایک پانچ

تولہ، نمک کو پیس کر لیموں اور ادرک کے پانی میں ملا کر ایک شیشی میں ڈال کر کارک لگا کر تین ہفتے تک دھوپ میں رکھیں۔

افعال وخواص: یہ دوا کھانے کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔

ترکیب استعمال: تین سے چھ ماشہ تک دونوں وقت کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد پلائیں۔

۷۹۔ لیمونی

نسخہ: اجوائن دیسی بقدر ضرورت لے کر سات مرتبہ لیموں کاغذی کے رس میں تر و خشک کریں اس کے بعد بقدر ذائقہ نمک لاہوری شامل کر کے سفوف بنائیں۔

افعال وخواص: یہ کھانے کو ہضم کرنے اور ریاحی شکایت کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک خوب لگتی ہے۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔

۸۰۔ حب کبریت

نسخہ: گھندھک آملہ سار، نوشادر یا پڑیا ہر ایک تین تولہ، سونٹھ، مرچ سیاہ پیپل ہر ایک ڈیڑھ تولہ، جوا کھار، مدار کا پھول، چوکیا سہاگہ بریاں، اونگ ہینگ بریاں، ہر ایک چھ ماشہ، نمک سیاہ آٹھ تولہ سائٹرک ایسڈ (ست لیمون) ڈیڑھ تولہ، پہلے سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں پھر ست لیموں کو قدرے پانی میں گھول کر اس میں سفوف کو گوندھ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ یا مشین میں قرص بنالیں۔

افعال وخواص: یہ گولیاں نہایت ہاضم اور خوش ذائقہ ہیں، بھوک لگاتی ہیں، بدہضمی کھٹی ڈکاروں اور اپھارہ کو دور کرتی ہیں پیٹ کے بھاری پن اور درد شکم کو دفع کرتی ہیں۔

۸۱۔ عرق خاص

نسخہ: شورہ قلمی چار تولہ، گندھک آملہ سار، حب کا کنج ہر ایک ایک تولہ سب کو پیس کر چھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ اور بارہ گھنٹے بعد عرق کھینچ لیں پھر اس عرق میں برگ جھاؤ، گل غافت افسنتین رومی با لچھڑ، تخم خربوزہ تخم کاسنی بیخ بادیان، بیخ کاسنی، بیخ اجمودا، اذخر مکی ہر ایک آٹھ تولہ کو نیم کوب کر کے بھگوئیں۔ بارہ گھنٹے بعد آب برگ مکو سبز مروق (مکو سبز کی پتیوں کا پھاڑا ہوا پانی) آب برگ کاسنی سبز مروق ہر ایک دو سیر، سرکہ خالص ایک سیر اضافہ کر کے عرق کشید کریں۔

افعال وخواص: ورم جگر اور ورم معدہ بلغمی کے لیے اکسیر صفت ہے عظم جگر، معدہ کی خرابی ورم جگر صلب (سخت) کے لیے تیر بہدف ہے۔ اس کے استعمال سے جگر اور معدہ کی مکمل اصلاح ہو جاتی ہے، بہترین نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال: یہ عرق پانچ تولہ صبح کے وقت شربت دینار دو تولہ میں ملا کر پلائیں۔

۸۲۔ نمک سلیمانی

نسخہ: نمک سیاہ، نمک طعام، نمک لاہوری، نوشادر یا پڑیا، تخم اجمودا، اجوائن دیسی، مرچ سیاہ، لونگ، زیرہ سیاہ، جاوتری، سونٹھ، جائفل، سونٹھ ہموزن لے کر سفوف بنائیں پھر سرکہ خالص حسب ضرورت ملا کر آگ پر رکھ کر خشک کریں اور سفوف بنا کر رکھ لیں۔

افعال وخواص: کھانے کو بخوبی ہضم کرتا ہے، ریاحوں کو خارج کرتا ہے۔ پیٹ کے ریاحی درد کو دور کرتا ہے، بھوک لگاتا ہے، نفخ شکم کو دفع کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ماشہ کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد کھلائیں۔

۸۳۔ اکسیر درد

نسخہ: نوشادر یا پڑیا ایک تولہ کو سفوف کر کے ایک بوتل صاف پانی میں حل کر کے مضبوط کارک لگا کر خوب ہلائیں اور اس بوتل پر سولہ نشان لگا کر رکھ لیں۔

افعال وخواص و ترکیب استعمال: (۱) درد شقیقہ کے لیے صبح کو آفتاب نکلنے سے پیشتر ایک خوراک پلائیں اور درد بند ہوتے ہی دوسری خوراک پھر پلائیں۔

۸۴۔نوشادر سیال

نسخہ: کیمیا گری کے طور پر نوشادر سیال کے تیار کرنے میں طوالت اور دشواری ہوتی ہے۔ یہاں میں اس کا بآسانی دستیاب ہونے والا نعم البدل پیش کر رہا ہوں حالانکہ اس کے مقابلہ کا نہیں ہوسکتا تاہم بہترین ہے۔

نسخہ: اسپرٹ ایمونیا ایرومیٹک

Spirit Ammonia Aromatic

کیسی کیمسٹ کے یہاں سے عمدہ قسم کا یہ سیال خرید لیجیے بس دوا تیار ہے۔

افعال وخواص: (۱) کھانے کو ہضم کرنے اور نفخ شکم کو دور کرنے کے لیے کھانا کھانے کے پندرہ بیس منٹ بعد پلایئے۔

(۲) تخمیر معدہ اور پیٹ کے قراقر اور ریاحی تکلیف (گیسٹرک ٹروبل) کو دور کرنے کے لیے کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد استعمال کرایئے۔

(۳) قلب کو طاقت دینے اور تحریک پیدا کرنے کے لیے بابے ہوشی کے بعد کمزوری اور سستی کو دور کرنے کے لیے جس وقت ضرورت ہو پلایئے۔

(۴) بے ہوشی کو دور کرنے کے لیے اس کو ناک میں سونگھایئے کیسا ہی مریض بے ہوش ہوگا اس کے سونگھانے سے ہوش میں آجائے گا۔

(۵) جگر کی خرابی اور بھوک کی کمی کو دور کرنے کے لیے دونوں وقت کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد پلایئے۔

(۶) بچھو، بھیٹر، تتیا اور دیگر کیڑے مکوڑوں کے ڈسنے اور کاٹنے کی تکلیف پر درد کو دور کرنے کے لیے روئی کے پھایہ میں ڈبو کر مقام ماؤف پر رکھیے لگایئے۔

ترکیب استعمال: پندرہ سے تیس قطرے تک دو گھونٹ پانی میں ملا کر پلایئے۔ ذیل میں اس کا ایک بہترین مکسچر بھی تحریر کیا جاتا ہے۔ سب کو ملا کر ایک خوراک بنائیں۔ ایسی ایک ایک خوراک روزانہ دوبار کھانے کے بیس منٹ یا آدھ گھنٹہ بعد پلائیں۔

افعال وخواص: یہ مکسچر نہایت ہاضم طعام، کاسر ریاح اور مفرح قلب ہے۔ اس کے استعمال سے جسم میں تازگی اور چستی پیدا ہوجاتی ہے۔ پیٹ کی ریاحی تکلیف اور تبخیر کی شکایت دور ہوجاتی ہے، بھوک لگتی ہے، اور پیٹ کی جلن اور بھاری پن دور ہوجاتا ہے۔

۸۵۔دوائے سوزاک

نسخہ: شورہ قلمی ساڑھے پانچ تولہ پھٹکری سفید ساڑھے تین تولہ چوکیا سہاگہ ایک تولہ سب کو سفوف کر کے ایک مٹی کے کوزہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ میں پھونکیں سرد ہونے پر نکال کر بحفاظت رکھ لیں۔

افعال وخواص: سوزاک کے لیے بے حد مفید ہے۔

ترکیب استعمال: پہلے روز تین ماشہ، دوسرے روز دو ماشہ، تیسرے روز ایک ماشہ، بکری یا گائے کے کچے دودھ کی لسی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ گیہوں کی روٹی بے نمک کے کھلائیں۔

۸۷۔گھریلو پپر منٹ

نسخہ: سبز پودینہ کوٹ کر اس کا خالص عرق ایک پاؤ حاصل کریں۔ پھر شورہ قلمی عمدہ قسم، نوشادر پاپڑیا، کافور ہر ایک ڈیڑھ تولہ لیں اور پہلے شورہ نوشادر کا سفوف بنالیں پھر کافور کو کوٹ کر اس میں ملائیں اب اس مرکب کو پودینہ کے پانی میں حل کر دیں اور ایک تام چینی کے پیالہ میں ڈال کر اوپر سے ایک مٹی کا سر پوش رکھ کر خوب گوندھی ہوئی ملتانی مٹی سے پیالے اور سر پوش کو جوڑ کر بخوبی گل حکمت کر دیں جب خشک ہوجائے تو پیالے کے نیچے موٹی بتی کا چراغ چھ گھنٹے تک برابر جلائیں اور اوپر والے سر پوش کو ٹھنڈے پانی کی گدی سے برابر تر کرتے رہیں یعنی ایک گدی ٹھنڈے پانی میں تر کر کے رکھیں۔ جب وہ گرم ہوجائے تو دوسری تبدیل کر دیں۔ آگ سے پیالہ کو اتارنے کے بعد ٹھنڈا ہونے دیں جب بالکل ٹھنڈا ہوجائے تو احتیاط کے ساتھ سر پوش کو کھولیں اور اس کے نیچے پیپر منٹ ہے۔ دیکھیں اگر پیالے میں ابھی جوہر اڑانے کے قابل مادہ باقی ہو تو پھر اسی طریقے سے پیالے کو بند کر کے اور جوہر حاصل کریں۔

تمام شد۔۔۔

محمد بشیر قادری

توشۂ اصحاب کہف

''ماہنامہ ستارہ''، رامپور، یوپی سے تقریباً ۱۹۲۴ء سے شائع ہوتا تھا۔ علامہ مولانا شفق صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسکے بانی تھے۔ زمانہ آزادی میں افراتفری اور عوام پریشانی میں مبتلا تھی، اسی دور میں بہت سے لوگوں کو تنکہ کا سہارا نہیں بلکہ ''ماہنامہ ستارہ'' نے علم و عملیات و اوراد کے ذریع خوب لوگوں کی حوصلہ افزائی و ایمان و توکل کی پوختگی کی تھی۔ یہ ایک حقیقت تھی کہ بہترین رہنمائی کی تھی؛ جو آج تک پرانے لوگ ماہنامہ ستارہ کی تعریف کرتے ہیں اور ساتھ ہی یاد کرتے ہیں۔

اللہ پاک اس عظیم شخصیت کو جنت میں اعلیٰ مقام پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ و طفیل میں عطا کرے۔ آمین

مرحوم شفق صاحب کے بعد حضرت واجد علی، مسرت حسین آزاد (مرحوم) صاحب نے کچھ عرصہ تک ستارہ کو جاری رکھا اور مولانا عبدالہادی خاں کاوش صاحب (رحمۃ اللہ علیہ) نے بھی خدمات کی؛ مگر اب وہ ستارہ روشن نہیں ہے۔ مجھے عملیات کی طلب میں حاجات پرسی کا نایاب عمل منت اصحب کہف کی رسالہ ستارہ میں کافی تعریف دیکھنے ملی۔ مرحوم مولانا شفق صاحب کے پاس لوگوں اصحب کہف کی منت کا توشہ دلوانے کے لئے ہدیہ روانہ کرتے تھے۔

حضرت مولانا عبدالہادی خاں صاحب (رحمۃ اللہ علیہ) سے میں نے توشۂ اصحب کہف کا طریقہ دریافت کرکے ذیل میں لکھا ہے:

(۱) گیہوں کا میدہ عمدہ قسم کا ۴ کلو ۵۰۰ گرام (۲) گوشت بکرے کا بغیر ہڈی کا ۲ کلو ۲۵۰ گرام (۳) دیسی گھی ۲۵۰ گرام مصالہ مناسب مقدار میں استعمال کریں۔ گوشت کا قورمہ و روٹیاں باوضو تیار کریں اور اس کے آٹھ حصہ کریں اور صبح میں ایک کالے کتے کو دعوت دے اور کہے کہ آج آپ کو شام میں اصحب کہف کی دعوت ہے، اور کتا شام میں آیگا اور ایک حصہ اسے دے دینا باقی سات حصہ کو ایسے شخص کو کھلانا کہ جو پرہیز گار ہو اور کبھی بیڑی یا تمبا کو کا استعمال نہ کرتا ہو۔

آپ کو اصحاب کہف کے تعاوف کی ضرورت نہیں۔ ہے اللہ پاک دلوں کے حال کو بہتر جانتا ہے۔

مکتوبات (خطوط) حضرت سید محمد جمال شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

متوفی ۲۸ شعبان المعظم ۱۲۹۶ھ ترجمہ مکتوب اول

جان سے پیارے برادر عزیزی! نیک صفات میاں مظفر علی زاد اللہ نور ایمان (اللہ تعالیٰ ان کے نور ایمانی میں اضافہ فرمائے) بعد دعا کے، واضح ہو کہ یہ تمہارا دعا گو بفضلہ تعالیٰ ہر طرح خیر و عافیت سے ہے اور تمہارے لئے دعائے خیر میں مصروف ہے، اذکار طریقۂ فقر و مراتب اور تعلیم اشغال صوفیہ کی دریافت کے سلسلے میں آپ کا مراسلہ (خطوط) جس سے مجھ کو دلی مسرت و خوشی ہوئی۔ میرے بھائی یاد رکو غائبانہ بیعت صوفیہ صافیہ علیہم الرحمۃ کے طریقہ سے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے جائز و جاری ہے، چنانچہ احادیث نبوی اور تفاسیر قرآن مجید میں متواتر منقول ہے کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز درخت کے نیچے ایک ہزار پانچ سو بیس صحابہ کرام سے بیعت لی اور اس وقت وہاں حضرت عثمان ذی النورین موجود نہیں تھے۔ تو آپ نے اپنا بایاں دست مبارک اٹھا کر فرمایا کہ یہ عثمان کا ہاتھ اور پھر اپنے داہنے ہاتھ میں رکھ کر یہ خدا کا ہاتھ ہے اور پھر حضرت عثمان کی بیعت فرمائی اور اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونك تحت الشجرۃ۔ اسی طرح صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

